بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ﴾ [سورۃ القمر ۱۷]

"اور یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کیلئے تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟"

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

# مصباح القرآن

www.KitaboSunnat.com

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق بَیْتُ القرآن رجسٹرڈ محفوظ ہیں۔

| | |
|---|---|
| نام کتاب | مصباح القرآن ﴿فَمَنْ اَظْلَمُ 24﴾ پارہ نمبر 24 |
| مرتب | پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر |
| کمپوزنگ و ڈیزائننگ | محمد اکرم محمدی ، مدثر بن یوسف حجازی<br>حافظ سعید عمران ، قاری مبشر رشید مجاہد |
| اشاعت اول | مئی 2014 |
| پبلشر | "بیت القرآن" پاکستان |
| ہدیہ | 70 روپے |

## پبلشر نوٹ

1 ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بَیْتُ القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بَیْتُ القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔

2 "بَیْتُ القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بَیْتُ القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

## سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمدللہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہوسکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اُسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد مستمر خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان

برائے رابطہ ہیڈ آفس

بَیْتُ القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150 ، جی پی او، لاہور، پاکستان۔
فون : 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 115
فیکس: 0092-42-111737111 ایکسٹینشن: 111
ویب سائٹ: www.bait-ul-quran.org
ای میل : Info@bait-ul-quran.org

سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے

فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔
فون: 042-37320318 فیکس: 042-37239884

فضلی بک سپر مارکیٹ

نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔
فون: 021-32629724 فیکس: 021-32633887

# "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور با محاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

| | |
|---|---|
| فَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنۡ | پھر کون زیادہ ظالم ہے اُس سے جس نے |
| كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ | جھوٹ باندھا اللہ پر |
| وَكَذَّبَ بِالصِّدۡقِ اِذۡ جَآءَهٗ ؕ | اور اُس نے جھٹلایا سچ کو جب وہ آیا اس کے پاس |
| اَلَيۡسَ فِىۡ جَهَنَّمَ | کیا نہیں ہے جہنم میں |
| مَثۡوًى لِّلۡكٰفِرِيۡنَ ﴿32﴾ | ٹھکانا کافروں کا۔ ﴿32﴾ |
| وَالَّذِىۡ جَآءَ بِالصِّدۡقِ وَصَدَّقَ بِهٖۤ | اور جو آیا سچ کے ساتھ اور تصدیق کی اُس کی |
| اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُتَّقُوۡنَ ﴿33﴾ | وہی لوگ ہی متقی ہیں۔ ﴿33﴾ |
| لَهُمۡ مَّا يَشَآءُوۡنَ | اُنکے لیے ہے جو وہ چاہیں گے |
| عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ؕ | اُن کے رب کے پاس |
| ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿34﴾ ۚۖ | یہی نیکی کرنے والوں کی جزا ہے۔ ﴿34﴾ |
| لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنۡهُمۡ | تاکہ اللہ دور کر دے اُن سے |
| اَسۡوَاَ الَّذِىۡ عَمِلُوۡا | بدترین عمل جو اُنہوں نے کیا |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَظۡلَمُ | : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ | مَّا | : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔ |
| مِمَّنۡ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | يَشَآءُوۡنَ | : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔ |
| كَذَبَ، كَذَّبَ | : کذب بیانی، کذاب، تکذیب۔ | عِنۡدَ | : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔ |
| عَلَى | : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | رَبِّهِمۡ | : ربّ، ربِّ کائنات، ربِّ ذوالجلال۔ |
| بِالصِّدۡقِ | : صداقت، صدق دل، صادق وامین۔ | جَزٰٓؤُا | : جزاء وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔ |
| فِىۡ جَهَنَّمَ | : فی الحال، فی الحقیقت / جہنم، جہنمی۔ | الۡمُحۡسِنِيۡنَ | : احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔ |
| لِلۡكٰفِرِيۡنَ | : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ | اَسۡوَاَ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔ |
| الۡمُتَّقُوۡنَ | : تقویٰ، متقی۔ | عَمِلُوۡا | : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ ① | اَظْلَمُ ② | مِمَّنْ ① | كَذَبَ | عَلَى اللّٰهِ |
| پھر کون | زیادہ ظالم (ہے) | (اُس) سے جس نے | جھوٹ باندھا | اللہ پر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | كَذَّبَ | بِالصِّدْقِ ③ | اِذْ | جَآءَهٗ ؕ |
| اور | اُس نے جھٹلایا | سچ کو | جب | وہ آیا اس کے پاس |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَ ④ | لَيْسَ | فِيْ جَهَنَّمَ | مَثْوًى | لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿32﴾ |
| کیا | نہیں (ہے) | جہنم میں | ٹھکانا | کافروں کا |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْ | جَآءَ | بِالصِّدْقِ ③ | وَ | صَدَّقَ | بِهٖٓ |
| اور | جو | آیا | سچ کے ساتھ | اور | اُس نے تصدیق کی | اُس کی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ ⑤ | هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿33﴾ | لَهُمْ ⑥ | مَّا | يَشَآءُوْنَ |
| وہ لوگ | ہی سب متقی (ہیں) | اُن کے لیے | جو | وہ سب چاہیں گے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ | ذٰلِكَ ⑤ | جَزٰٓؤُا | الْمُحْسِنِيْنَ ﴿34﴾ ۚۖ |
| اُن کے رب کے پاس | یہی | جزا (ہے) | نیکی کرنے والوں (کی) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِيُكَفِّرَ ⑦ | اللّٰهُ | عَنْهُمْ | اَسْوَاَ ② | الَّذِيْ | عَمِلُوْا |
| تاکہ وہ دور کردے | اللہ | اُن سے | سب سے زیادہ برا (عمل) | جو | اُن سب نے کیا |

**ضروری وضاحت**

① مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔② اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ بھی کیا جاتا ہے۔④ اَ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔⑤ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔⑥ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔⑦ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ عموماً تاکہ کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ | اور بدلے میں دے اُنہیں اُن کا اجر |
| بِاَحْسَنِ الَّذِیْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿35﴾ | بہترین عمل کا جو وہ کرتے تھے |
| اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ | کیا اللہ کافی نہیں ہے اپنے بندے کو |
| وَ يُخَوِّفُوْنَكَ | اور وہ ڈراتے ہیں آپ کو |
| بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ | (اُن لوگوں) سے جو اس کے سوا ہیں |
| وَ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ | اور جسے اللہ گمراہ کردے |
| فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿36﴾ ج | تو نہیں ہے اُس کو کوئی ہدایت دینے والا۔﴿36﴾ |
| وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ | اور جسے اللہ ہدایت دے |
| فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ | تو نہیں ہے اس کو کوئی گمراہ کرنے والا |
| اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِی انْتِقَامٍ ﴿37﴾ | کیا نہیں ہے اللہ خوب غالب انتقام لینے والا۔﴿37﴾ |
| وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ | اور بلاشبہ اگر آپ پوچھیں اُن سے |
| مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ | کس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَجْزِيَهُمْ | : جزاء وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔ | هَادٍ، يَّهْدِ | : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔ |
| اَجْرَهُمْ | : اجروثواب، اجرِ عظیم، اجرت۔ | ذِی | : ذیشان، ذی وقار، ذی الحجہ۔ |
| بِاَحْسَنِ | : احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔ | انْتِقَامٍ | : انتقام، انتقامی کاروائی۔ |
| يَعْمَلُوْنَ | : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔ | سَاَلْتَهُمْ | : سوال، سائل، مسئول، سوالات۔ |
| بِكَافٍ | : کافی، ناکافی، کفایت۔ | خَلَقَ | : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔ |
| عَبْدَهٗ | : عبد، عابد، معبود، عبادت۔ | السَّمٰوٰتِ | : ارض وسماء، کتب سماویہ، سماوی آفات۔ |
| يُخَوِّفُوْنَكَ | : خوف، خائف، خوف وہراس۔ | الْاَرْضَ | : ارض وسماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔ |
| يُّضْلِلِ | : ضلالت وگمراہی۔ | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | يَجْزِيَهُمْ ① | اَجْرَهُمْ ① | بِاَحْسَنِ ② | الَّذِىْ ③ |
| اور | وہ بدلے میں دے اُنہیں | اُن کا اجر | بہترین عمل کا | جو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ ﴿35﴾ | اَ | لَيْسَ | اللّٰهُ | بِكَافٍ ④ | عَبْدَهٗ ط |
| تھے وہ سب | وہ سب کرتے | کیا | نہیں (ہے) | اللہ | کافی | اپنے بندے (کو) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | يُخَوِّفُوْنَكَ | بِالَّذِيْنَ ③ | مِنْ دُوْنِهٖ ④ ط |
| اور | وہ سب ڈراتے ہیں آپ کو | (اُن لوگوں) سے جو | اس کے سوا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَمَنْ | يُّضْلِلِ | اللّٰهُ ⑤ | فَمَا | لَهٗ ⑥ | مِنْ هَادٍ ④⑦ ج ﴿36﴾ |
| اور جسے | وہ گمراہ کردے | اللہ | تو نہیں (ہے) | اُس کو | کوئی ہدایت دینے والا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَمَنْ | يَّهْدِ | اللّٰهُ ⑤ | فَمَا | لَهٗ ⑥ | مِنْ مُّضِلٍّ ④⑦ ط |
| اور جسے | وہ ہدایت دے | اللہ | تو نہیں (ہے) | اس کو | کوئی گمراہ کرنے والا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَ | لَيْسَ | اللّٰهُ | بِعَزِيْزٍ ④ | ذِى انْتِقَامٍ ﴿37﴾ |
| کیا | نہیں (ہے) | اللہ | خوب غالب | انتقام لینے والا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَلَئِنْ | سَاَلْتَهُمْ | مَّنْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ ⑧ | وَالْاَرْضَ |
| اور بلاشبہ اگر | آپ پوچھیں اُن سے | کس نے | پیدا کیا | آسمانوں | اور زمین (کو) |

## ضروری وضاحت

① هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں اور اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا کیا جاتا ہے۔ ② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔ ③ الَّذِىْ واحد مذکر کی اور الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔ ④ یہاں بِ اور مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس کا فاعل ہوتا ہے۔ ⑥ لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔ ⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑧ ات جمع مونث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

| | |
|---|---|
| لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ | (تو) ضرور بالضرور وہ کہیں گے اللہ نے |
| قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ | کہہ دیجیے تو کیا (بھلا) تم نے دیکھا (یعنی غور کیا) |
| مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ | جن (ہستیوں) کو تم پکارتے ہو اللہ کے سوا |
| اِنْ اَرَادَنِیَ اللّٰهُ بِضُرٍّ | اگر اللہ میرے ساتھ ارادہ کرے کوئی تکلیف (پہنچانے) کا |
| هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ | کیا وہ (ہستیاں) دور کرنے والی ہیں اُسکی تکلیف کو |
| اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَةٍ | یا وہ ارادہ کرے میرے ساتھ مہربانی کرنے کا |
| هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ | کیا وہ (ہستیاں) روکنے والی ہیں اُسکی رحمت (مہربانی) کو |
| قُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ؕ | آپ کہہ دیجیے مجھے اللہ ہی کافی ہے |
| عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿38﴾ | اُسی پر بھروسا کرتے ہیں بھروسا کرنے والے۔ ﴿38﴾ |
| قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ | کہہ دیجیے اے میری قوم تم عمل کرو اپنی جگہ پر |
| اِنِّیْ عَامِلٌ ج | بیشک میں (بھی) عمل کرنے والا ہوں |
| فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿39﴾ لا | پھر عنقریب تم جان لو گے۔ ﴿39﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لَيَقُوْلُنَّ ، قُلْ : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔
فَرَءَيْتُمْ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیا۔
مَّا : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔
تَدْعُوْنَ : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اَرَادَنِیَ : ارادہ، مرید، مراد۔
بِضُرٍّ ، ضُرِّهٖۤ : مضر صحت، ضرر رساں۔
مُمْسِكٰتُ : امساک، تمسک۔

رَحْمَتِهٖ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔
يَتَوَكَّلُ ، الْمُتَوَكِّلُوْنَ : توکل، متوکل علی اللہ۔
يٰقَوْمِ : یااللہ، یارحمٰن، یابلال۔
يٰقَوْمِ : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
اعْمَلُوْا ، عَامِلٌ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
مَكَانَتِكُمْ : کون ومکان، مکانات، مکین۔
تَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَيَقُوْلُنَّ ① | اللّٰهُ ؕ | قُلْ | اَفَرَءَيْتُمْ ② |
| (تو) وہ ضرور بالضرور کہیں گے | اللہ نے | آپ کہہ دیجیے | تو کیا (بھلا) تم نے دیکھا (یعنی غور کیا) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَّا | تَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ③ | اِنْ | اَرَادَنِيَ | اللّٰهُ |
| جن (ہستیوں کو) | تم سب پکارتے ہو | اللہ کے سوا | اگر | میرے ساتھ ارادہ کرے | اللہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِضُرٍّ ④⑤ | هَلْ | هُنَّ | كٰشِفٰتُ ⑥ | ضُرِّهٖٓ |
| کوئی تکلیف (پہنچانے) کا | کیا | وہ (ہستیاں) | دور کرنے والی (ہیں) | اُسکی تکلیف (کو) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَوْ | اَرَادَنِيْ | بِرَحْمَةٍ ④⑥ | هَلْ | هُنَّ |
| یا | وہ ارادہ کرے میرے ساتھ | مہربانی کرنے کا | کیا | وہ (ہستیاں) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُمْسِكٰتُ ⑥⑦ | رَحْمَتِهٖ ؕ | قُلْ | حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ | عَلَيْهِ |
| روکنے والی (ہیں) | اُس کی رحمت (کو) | آپ کہہ دیجیے | مجھے اللہ ہی کافی ہے | اُسی پر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَتَوَكَّلُ | الْمُتَوَكِّلُوْنَ ⑦ (38) | قُلْ | يٰقَوْمِ ⑧ | اعْمَلُوْا |
| وہ بھروسا کرتا ہے | سب بھروسا کرنے والے | آپ کہہ دیجیے | اے (میری) قوم | تم سب عمل کرو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَلٰى مَكَانَتِكُمْ | اِنِّيْ | عَامِلٌ ۚ | فَسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ ۙ (39) |
| اپنی جگہ پر | بیشک میں (بھی) | عمل کرنے والا (ہوں) | پھر عنقریب | تم سب جان لو گے |

### ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔② أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
③ لفظ دُوْنِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ بھی کیا
جاتا ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
⑦ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑧ اصل میں يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔

| | |
|---|---|
| مَنْ يَّاْتِيْهِ | کون ہے (کہ) آتا ہے اس کے پاس |
| عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ | (وہ) عذاب (جو) رسوا کردے گا اُسے |
| وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿40﴾ | اور اُترتا ہے اُس پر ہمیشہ رہنے والا عذاب۔ ﴿40﴾ |
| اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ | بلاشبہ ہم نے نازل کی آپ پر کتاب |
| لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ | لوگوں کے لیے حق کے ساتھ |
| فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ | پھر جو ہدایت پر چلا تو اپنی جان کے لیے (چلا) |
| وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ | اور جو گمراہ ہوا تو بیشک صرف وہ گمراہ ہوتا ہے |
| عَلَيْهَا ۚ | اُس پر (یعنی اپنی جان کا نقصان کرتا ہے) |
| وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿41﴾ ع | اور نہیں ہیں آپ اُن پر ہرگز کوئی ذمہ دار |
| اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ | اللہ (ہی) قبض کرتا ہے جانوں (روحوں) کو |
| حِيْنَ مَوْتِهَا | ان کی موت کے وقت |
| وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ | اور (ان کو بھی) جو نہیں مریں اپنی نیند میں |

ع 4 10 1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| عَذَابٌ : عذاب، عذابِ الٰہی | فَلِنَفْسِهٖ : نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔ |
| عَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | ضَلَّ : ضلالت وگمراہی۔ |
| مُّقِيْمٌ : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔ | بِوَكِيْلٍ : وکیل، وکالت۔ |
| اَنْزَلْنَا : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ | يَتَوَفَّى : فوت، وفات، فوتگی۔ |
| الْكِتٰبَ : کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔ | الْاَنْفُسَ : نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔ |
| لِلنَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔ | مَوْتِهَا، تَمُتْ : موت وحیات، حیاتی ومماتی۔ |
| بِالْحَقِّ : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔ | فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔ |
| اهْتَدٰى : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔ | |

| مَنْ | يَّاْتِيْهِ ① | عَذَابٌ | يُّخْزِيْهِ | وَيَحِلُّ |
|---|---|---|---|---|
| کون (ہے) | وہ آتا ہے اسکے پاس | عذاب | وہ رسوا کردے گا اُسے | اور وہ اُترتا ہے |

| عَلَيْهِ | عَذَابٌ | مُّقِيْمٌ ﴿40﴾ | اِنَّآ اَنْزَلْنَا ② | عَلَيْكَ | الْكِتٰبَ |
|---|---|---|---|---|---|
| اُس پر | عذاب | ہمیشہ رہنے والا | بلاشبہ ہم نے نازل کی | آپ پر | کتاب |

| لِلنَّاسِ | بِالْحَقِّ ج | فَمَنِ | اهْتَدٰى | فَلِنَفْسِهٖ ج |
|---|---|---|---|---|
| لوگوں کے لیے | حق کے ساتھ | پھر جو | ہدایت پر چلا | تو اپنی جان کے لیے (چلا) |

| وَ | مَنْ | ضَلَّ | فَاِنَّمَا ③ | يَضِلُّ |
|---|---|---|---|---|
| اور | جو | گمراہ ہوا | تو بیشک صرف | وہ گمراہ ہوتا ہے |

| عَلَيْهَا ج | وَ | مَآ ④ | اَنْتَ | عَلَيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|
| اُس پر (یعنی اپنی جان کا نقصان کرتا ہے) | اور | نہیں (ہیں) | آپ | اُن پر |

ع 4 10 1

| بِوَكِيْلٍ ﴿41﴾ ④ ع | اَللّٰهُ | يَتَوَفَّى ⑤ | الْاَنْفُسَ ⑥ |
|---|---|---|---|
| ہرگز کوئی ذمہ دار | اللہ (ہی) | وہ قبض کرتا ہے | جانوں (روحوں) کو |

| حِيْنَ مَوْتِهَا | وَ | الَّتِيْ | لَمْ تَمُتْ ⑦ | فِيْ مَنَامِهَا ج |
|---|---|---|---|---|
| ان کی موت کے وقت | اور (ان کو بھی) | جو | نہیں مریں | اپنی نیند میں |

## ضروری وضاحت

① ہٖ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُسے کیا جاتا ہے اگر ہ سے پہلے جزم ہو تو یہ ہٖ ہوجاتا ہے۔② اِنَّا کے نَا اور اَنْزَلْنَا کے نَا دونوں کا ملا کر ترجمہ ہم نے کیا گیا ہے۔③ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ مَا کے بعد بِ کا ترجمہ نہیں ہوتا، البتہ اس صورت میں بات میں زور پیدا ہوجاتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔⑤ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسکا مفعول ہوتا ہے۔⑦ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

| | |
|---|---|
| فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ | پھر وہ روک لیتا ہے اُسے جس پر وہ موت کا فیصلہ کر دے |
| وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى | اور وہ (واپس) بھیج دیتا ہے دوسری (روحوں) کو |
| اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ | ایک وقت مقرر تک |
| اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ | بیشک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں |
| لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿42﴾ | اُن لوگوں کے لیے (جو) غور و فکر کرتے ہیں۔ ﴿42﴾ |
| اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ؕ | کیا انہوں نے بنائے ہیں اللہ کے سوا سفارشی |
| قُلْ اَوَلَوْ | (تو) آپ کہہ دیجیے اور (بھلا) کیا اگرچہ |
| كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـًٔا | وہ اختیار نہ رکھتے ہوں کسی چیز کا |
| وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿43﴾ قُلْ | اور نہ وہ عقل رکھتے ہوں۔ ﴿43﴾ آپ کہہ دیجیے |
| لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ؕ | اللہ ہی کے اختیار میں ہے سفارش سب کی سب |
| لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ | اُسی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے |
| ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿44﴾ | پھر اُسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ ﴿44﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَيُمْسِكُ : امساک، تمسّک۔
قَضٰى : قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
يُرْسِلُ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
الْاُخْرٰى : آخرت، اُخروی زندگی۔
اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
اَجَلٍ : اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
مُّسَمًّى : اسم بامسمّی، مسمّاۃ۔
يَّتَفَكَّرُوْنَ : فکر، مفکر، تفکر، تفکرات۔
اتَّخَذُوْا : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
شُفَعَآءَ : شفاعت، شافعِ محشر، شفیع المذنبین۔
يَمْلِكُوْنَ : مالک المُلک، مُلک وملت، ملوکیت۔
شَيْـًٔا : شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔
جَمِيْعًا : جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
السَّمٰوٰتِ : ارض و سماء، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
الْاَرْضِ : ارض و سماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
تُرْجَعُوْنَ : رجوع، راجع، رجعت پسندی۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَيُمْسِكُ | الَّتِيْ ① | قَضٰى | عَلَيْهَا | الْمَوْتَ |
| پھر وہ روک لیتا ہے | (اُسے) جو | وہ فیصلہ کر دے | اس پر | موت (کا) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | يُرْسِلُ | الْاُخْرٰٓى | اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ② ط |
| اور | وہ (واپس) بھیج دیتا ہے | دوسری (روحوں کو) | ایک وقت مقرر تک |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ ③ | لَاٰيٰتٍ | لِّقَوْمٍ | يَّتَفَكَّرُوْنَ (42) |
| بیشک | اس میں | یقیناً نشانیاں (ہیں) | (اُن) لوگوں کے لیے | (جو) وہ سب غور و فکر کرتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَمِ ④ | اتَّخَذُوْا | مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ⑤ | شُفَعَآءَ ط | قُلْ ⑥ | اَوَ |
| کیا | انہوں نے بنائے ہیں | اللہ کے سوا | سفارشی | آپ کہہ دیجیے | اور (بھلا) کیا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَوْ | كَانُوْا | لَا يَمْلِكُوْنَ | شَيْئًا ② | وَّ | لَا يَعْقِلُوْنَ (43) |
| اگرچہ | وہ سب ہوں | وہ سب اختیار نہ رکھتے | کسی چیز کا | اور | نہ وہ سب عقل رکھتے ہوں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قُلْ ⑥ | لِّلّٰهِ | الشَّفَاعَةُ | جَمِيْعًا ط | لَهٗ |
| آپ کہہ دیجیے | اللہ (ہی) کے لیے (ہے) | سفارش | سب کی سب | اُسی کے لیے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ ط | ثُمَّ | اِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ ⑦ (44) |
| بادشاہی (ہے) | آسمانوں | اور زمین (کی) | پھر | اُسی کی طرف | تم سب لوٹائے جاؤ گے |

## ضروری وضاحت

① الَّتِيْ واحد مؤنث اور الَّذِيْ واحد مذکر کی علامتیں ہیں دونوں کا ترجمہ جو، جس کیا جاتا ہے۔② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔④ اَمْ کا ترجمہ کبھی کیا کبھی یا کیا جاتا ہے اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دیتے ہیں۔⑤ لفظ دُوْنِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑥ قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و کو گرایا گیا ہے۔⑦ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحۡدَهُ | اور جب ذکر کیا جائے اللہ کا اس اکیلے کا |
| اشۡمَاَزَّتۡ قُلُوۡبُ الَّذِيۡنَ | تو تنگ پڑ جاتے ہیں ان (لوگوں) کے دل جو |
| لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ ۚ | آخرت پر ایمان نہیں رکھتے |
| وَ اِذَا ذُكِرَ | اور جب ذکر کیا جائے |
| الَّذِيۡنَ مِنۡ دُوۡنِهٖۤ | (اُن معبودوں کا) جو اُس کے سوا ہیں |
| اِذَا هُمۡ يَسۡتَبۡشِرُوۡنَ ﴿45﴾ | (تو) اچانک وہ بہت خوش ہوتے ہیں۔ ﴿45﴾ |
| قُلِ اللّٰهُمَّ | آپ کہہ دیجیے اے اللہ |
| فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ | آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے |
| عٰلِمَ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ | (اے) پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے |
| اَنۡتَ تَحۡكُمُ بَيۡنَ عِبَادِكَ | تو (ہی) فیصلہ کرے گا اپنے بندوں کے درمیان |
| فِيۡ مَا كَانُوۡا فِيۡهِ | (اُن باتوں) میں جن میں تھے |
| يَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿46﴾ | وہ اختلاف کرتے۔ ﴿46﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| ذُكِرَ | : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔ | فَاطِرَ | : فطرت، فطری تقاضا۔ |
| وَحۡدَهُ | : واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔ | عٰلِمَ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ |
| قُلُوۡبُ | : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔ | الشَّهَادَةِ | : شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔ |
| لَا | : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | تَحۡكُمُ | : حکم، احکام، حاکم، محکوم، حکومت۔ |
| يُؤۡمِنُوۡنَ | : ایمان، مومن، امن۔ | بَيۡنَ | : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ |
| بِالۡاٰخِرَةِ | : فکر آخرت، اُخروی زندگی۔ | عِبَادِكَ | : عبد، عابد، معبود، عبادت۔ |
| يَسۡتَبۡشِرُوۡنَ | : بشارت، مبشر، بشیر۔ | فِيۡ مَا | : فی الحال، فی الفور/ ماحول، ماتحت، ماجرا۔ |
| قُلِ | : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔ | يَخۡتَلِفُوۡنَ | : خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا ① | ذُكِرَ ② | اللّٰهُ | وَحْدَهُ ③ | اشْمَاَزَّتْ ④ |
| اور | جب | ذکر کیا جائے | اللہ (کا کہ) | اُس کی یکتائی (ہے) | تو تنگ پڑ جاتے ہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| قُلُوْبُ | الَّذِيْنَ | لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑤ | بِالْاٰخِرَةِ ④ |
| (اُن لوگوں کے) دل | جو | وہ سب ایمان نہیں رکھتے | آخرت پر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا ① | ذُكِرَ ② | الَّذِيْنَ | مِنْ دُوْنِهٖٓ ⑥ |
| اور | جب | ذکر کیا جائے | جو | اُس کے سوا (ہیں) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِذَا ① | هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ⑦ (45) | قُلِ | اللّٰهُمَّ ⑧ | فَاطِرَ |
| اچانک | وہ سب بہت خوش ہوتے ہیں | کہہ دیجیے | اے اللہ | پیدا کرنے والے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ ④ | وَ | الْاَرْضِ | عٰلِمَ | الْغَيْبِ |
| آسمانوں | اور | زمین (کے) | جاننے والے | پوشیدہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | الشَّهَادَةِ ④ | اَنْتَ تَحْكُمُ ⑨ | بَيْنَ | عِبَادِكَ |
| اور | ظاہر (کے) | تو (ہی) فیصلہ کرے گا | درمیان | اپنے بندوں (کے) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِيْ مَا | كَانُوْا | فِيْهِ | يَخْتَلِفُوْنَ (46) |
| (اُن باتوں) میں جو | تھے وہ سب | اس میں | وہ سب اختلاف کرتے |

## ضروری وضاحت

① اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔ ② فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ وَحْدَهٗ
یعنی اس حال میں کہ وہ اکیلا ہے۔ ④ ـتْ، ـة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ
میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑥ لفظ دُوْنِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ⑦ هُمْ اور يَـ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا
گیا ہے۔ ⑧ اَللّٰهُ کیساتھ مَّ میں دل کی گہرائی سے اللہ کو پکارنے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑨ اَنْتَ اور تَـ دونوں کا ملا کر ترجمہ تو کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَلَوۡ اَنَّ لِلَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا | اور اگر واقعی اُن (لوگوں) کے لیے جنہوں نے ظلم کیا |
| مَا فِي الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا | وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے |
| وَّمِثۡلَهٗ مَعَهٗ | اور اُس کی مثل اُس کے ساتھ (اور بھی ہو) |
| لَافۡتَدَوۡا بِهٖ | (تو) ضرور وہ فدیہ میں دے دیں گے اُس کو |
| مِنۡ سُوۡٓءِ الۡعَذَابِ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ | قیامت کے دن برے عذاب سے (بچنے کے لیے) |
| وَبَدَا لَهُمۡ مِّنَ اللّٰهِ | اور ظاہر ہو جائے گا اُن کے لیے اللہ کی طرف سے |
| مَا لَمۡ يَكُوۡنُوۡا يَحۡتَسِبُوۡنَ ﴿47﴾ | (وہ عذاب) جس کا نہیں تھے وہ گمان کرتے۔﴿47﴾ |
| وَبَدَا لَهُمۡ | اور ظاہر ہو جائیں گے اُن کے لیے |
| سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوۡا | (اُن اعمال) کی برائیاں جو اُنہوں نے کمائے ہوں گے |
| وَحَاقَ بِهِمۡ | اور گھیر لے گا اُن کو (وہ عذاب) |
| مَّا كَانُوۡا بِهٖ يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿48﴾ | جس کا وہ مذاق اُڑاتے تھے۔﴿48﴾ |
| فَاِذَا مَسَّ الۡاِنۡسَانَ ضُرٌّ | پھر جب پہنچے انسان کو کوئی تکلیف |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | : شان وشوکت، سحر وافطار، عزت وذلت۔ | سُوۡٓءِ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔ |
| ظَلَمُوۡا | : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ | الۡقِيٰمَةِ | : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔ |
| مَا | : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔ | بَدَا | : بادی النظر۔ |
| فِي | : فی الحال، فی الفور، فی الوقت۔ | سَيِّاٰتُ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔ |
| الۡاَرۡضِ | : ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔ | كَسَبُوۡا | : کسبِ حلال، کسبی، اکتسابِ فیض۔ |
| جَمِيۡعًا | : جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔ | يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ | : استہزاء کرنا۔ |
| مَعَهٗ | : مع اہل وعیال، معیت، مع دوست احباب۔ | مَسَّ | : مس، مساس۔ |
| لَافۡتَدَوۡا | : فدیہ۔ | ضُرٌّ | : مضرِ صحت، ضرر رساں۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | لَوْ | اَنَّ ① | لِلَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا |
| اور | اگر | واقعی | (اُن لوگوں) کے لیے جن | سب نے ظلم کیا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَا ② | فِي الْاَرْضِ | جَمِيْعًا | وَّ | مِثْلَهٗ ③ | مَعَهٗ ③ |
| جو | زمین میں (ہے) | وہ سب کچھ (ہو) | اور | اُس کی مثل | اُس کے ساتھ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَافْتَدَوْا ① | بِهٖ | مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ④ ط |
| ضرور فدیہ میں دے دیں گے | اُس کو | برے عذاب سے (بچنے کے لیے) | قیامت کے دن |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | بَدَا ⑤ | لَهُمْ ⑥ | مِّنَ اللّٰهِ | مَا ② | لَمْ | يَكُوْنُوْا |
| اور | ظاہر ہو جائے گا | اُن کے لیے | اللہ (کی طرف) سے | (وہ عذاب) جس کا | نہیں | وہ سب تھے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَحْتَسِبُوْنَ ﴿47﴾ | وَ | بَدَا ⑤ | لَهُمْ ⑥ | سَيِّاٰتُ ④ |
| وہ سب گمان کرتے | اور | ظاہر ہو جائیں گے | اُن کے لیے | (اُن اعمال کی) برائیاں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَا ② | كَسَبُوْا | وَ | حَاقَ ⑤ | بِهِمْ | مَّا ② |
| جو | اُن سب نے کمائے (ہوں گے) | اور | گھیر لے گا | اُن کو (وہ عذاب) | جس کا |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | بِهٖ | يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿48﴾ | فَاِذَا | مَسَّ | الْاِنْسَانَ ⑦ | ضُرٌّ |
| تھے وہ سب | اس کا | وہ سب مذاق اُڑاتے | پھر جب | پہنچے | انسان (کو) | کوئی تکلیف |

**ضروری وضاحت**

①علامت اَنَّ اور لَ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔② مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔③ ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔④ ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ یہ فعل گزرے ہوئے زمانے کا ہے اس کا ترجمہ مستقبل میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑥ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| دَعَانَا ؗ | (تو) وہ ہمیں پکارتا ہے |
| ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ | پھر جب ہم عطا کرتے ہیں اُسے |
| نِعْمَةً مِّنَّا ۙ | کوئی نعمت اپنی طرف سے |
| قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ | (تو) کہتا ہے بیشک صرف میں دیا گیا ہوں یہ |
| عَلٰى عِلْمٍ ۭ | (اپنے) ایک علم (کی بنیاد) پر |
| بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ | (نہیں) بلکہ وہ ایک آزمائش ہے |
| وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿49﴾ | اور لیکن ان کے اکثر نہیں جانتے۔ ﴿49﴾ |
| قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ | یقیناً کہی یہ بات (اُن لوگوں نے) جو ان سے پہلے تھے |
| فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿50﴾ | تو نہ کام آیا اُن کے جو وہ کمایا کرتے تھے۔ ﴿50﴾ |
| فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ | تو پہنچیں اُن کو برائیاں (اُن اعمال کی) |
| مَا كَسَبُوْا ۭ | جو انہوں نے کمائے |
| وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَاۗءِ | اور (وہ لوگ) جنہوں نے ظلم کیا اِن میں سے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| دَعَانَا | : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔ | لَا | : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ |
| نِعْمَةً | : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔ | يَعْلَمُوْنَ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ |
| مِّنَّا | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | قَبْلِهِمْ | : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔ |
| قَالَ | : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔ | اَغْنٰى | : غنی، مستغنی، اغنیا۔ |
| بَلْ | : بلکہ۔ | يَكْسِبُوْنَ | : کسبِ حلال، کسبی، اکتسابِ فیض۔ |
| وَّ | : رحم و کرم، شان و شوکت، مال و دولت۔ | فَاَصَابَهُمْ | : مصیبت، مصائب۔ |
| لٰكِنَّ | : لیکن۔ | سَيِّاٰتُ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔ |
| اَكْثَرَهُمْ | : کثرت، اکثر، کثیر۔ | ظَلَمُوْا | : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دَعَانَا ز | ثُمَّ | اِذَا | خَوَّلۡنٰهُ | نِعۡمَةً ①② |
| (تو) وہ پکارتا ہے ہمیں | پھر | جب | ہم عطا کرتے ہیں اُسے | کوئی نعمت |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّنَّا ③ لا | قَالَ | اِنَّمَآ ④ | اُوۡتِيۡتُهٗ | عَلٰى عِلۡمٍ ② ط |
| اپنی (طرف) سے | (تو) کہتا ہے | بیشک صرف | میں دیا گیا ہوں وہ | (اپنے) ایک علم (کی بنیاد) پر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَلۡ | هِىَ | فِتۡنَةٌ ②① | وَّ | لٰكِنَّ | اَكۡثَرَهُمۡ |
| (نہیں) بلکہ | وہ | ایک آزمائش (ہے) | اور | لیکن | ان کے اکثر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَا يَعۡلَمُوۡنَ ⑤ (49) | قَدۡ ⑥ | قَالَهَا | الَّذِيۡنَ ⑦ | مِنۡ قَبۡلِهِمۡ |
| نہیں وہ سب جانتے | یقیناً | کہی یہ بات | (اُن لوگوں نے) جو | ان سے پہلے (تھے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَمَآ | اَغۡنٰى | عَنۡهُمۡ | مَّا | كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ⑧ (50) |
| تو نہ | کام آیا | اُن کے | جو | تھے وہ سب کمایا کرتے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَاَصَابَهُمۡ | سَيِّاٰتُ ① | مَا | كَسَبُوۡا ط |
| تو پہنچیں اُن کو | برائیاں | (اُن اعمال کی) جو | ان سب نے کمائے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيۡنَ ⑦ | ظَلَمُوۡا | مِنۡ هٰٓؤُلَآءِ |
| اور | (وہ لوگ) جنہوں نے | سب نے ظلم کیا | اِن میں سے |

**ضروری وضاحت**

① ةٌ اسم کے آخر میں واحد مؤنث اور ات جمع مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ مِنَّا دراصل مِنۡ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ④ اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑥ فعل کے شروع میں قَدۡ تاکید کی علامت ہے۔ ⑦ الَّذِيۡنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔ ⑧ كَانُوۡا کے وْا اور يَكۡسِبُوۡنَ کے وْنَ دونوں کا ملا کر ترجمہ سب کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| سَيُصِيۡبُهُمۡ سَيِّاٰتُ | عنقریب پہنچیں گی اُن کو برائیاں (اُن اعمال کی) |
| مَا كَسَبُوۡا ؕ | جو اُنہوں نے کمائے ہوں گے |
| وَمَا هُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ ﴿51﴾ | اور نہیں ہیں وہ ہرگز عاجز کرنے والے۔ ﴿51﴾ |
| اَوَلَمۡ يَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ | اور (بھلا) کیا نہیں اُنہوں نے جانا کہ بیشک اللہ |
| يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ | کشادہ کرتا ہے رزق جس کے لیے وہ چاہتا ہے |
| وَيَقۡدِرُ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ | اور وہی تنگ کرتا ہے، بیشک اس میں |
| لَاٰيٰتٍ | یقیناً نشانیاں ہیں |
| لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿52﴾ ع 5/11 2 | اُن لوگوں کے لیے (جو) ایمان لاتے ہیں۔ ﴿52﴾ |
| قُلۡ يٰعِبَادِىَ الَّذِيۡنَ | آپ کہہ دیجیے اے میرے بندو! جنہوں نے |
| اَسۡرَفُوۡا عَلٰٓى اَنۡفُسِهِمۡ | زیادتی کی اپنی جانوں پر |
| لَا تَقۡنَطُوۡا مِنۡ رَّحۡمَةِ اللّٰهِ ؕ | ناامید نہ ہو جاؤ اللہ کی رحمت سے |
| اِنَّ اللّٰهَ يَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ جَمِيۡعًا ؕ | بیشک اللہ بخش دیتا ہے سب گناہوں کو |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| سَيُصِيۡبُهُمۡ | مصیبت، مصائب۔ | لِقَوۡمٍ | قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔ |
| سَيِّاٰتُ | علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔ | يُّؤۡمِنُوۡنَ | ایمان، مومن، امن۔ |
| مَا | ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔ | قُلۡ | قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| كَسَبُوۡا | کسبِ حلال، کسبی، اکتسابِ فیض۔ | يٰعِبَادِىَ | عبد، عابد، معبود، عبادت۔ |
| بِمُعۡجِزِيۡنَ | عاجز، عاجزی، عجز و نیاز۔ | اَسۡرَفُوۡا | اسراف و تبذیر۔ |
| يَعۡلَمُوۡۤا | علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ | اَنۡفُسِهِمۡ | نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔ |
| يَبۡسُطُ | شرح و بسط، بساط لپیٹنا۔ | يَغۡفِرُ | مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔ |
| يَّشَآءُ | ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔ | جَمِيۡعًا | جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سَيُصِيْبُهُمْ ① | سَيِّاٰتُ | مَا | كَسَبُوْا ۙ |
| عنقریب پہنچیں گی اُن کو | برائیاں (اُن اعمال کی) | جو | اُنہوں نے کمائے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | هُمْ | بِمُعْجِزِيْنَ ②③ (51) | اَ ④ | وَ | لَمْ |
| اور | نہیں (ہیں) | وہ | سب (ہرگز) عاجز کرنے والے | کیا | اور | نہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُوْٓا ⑤ | اَنَّ | اللّٰهَ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ ⑥ |
| اُن سب نے جانا | کہ بیشک | اللہ | وہ کشادہ کرتا ہے | رزق |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِمَنْ | يَّشَآءُ | وَ | يَقْدِرُ ؕ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ ⑦ |
| جس کے لیے | وہ چاہتا ہے | اور | وہی تنگ کرتا ہے | بیشک | اس میں |

ع 5 11 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَاٰيٰتٍ | لِّقَوْمٍ | يُّؤْمِنُوْنَ (52) ع | قُلْ |
| یقیناً نشانیاں (ہیں) | (اُن) لوگوں کے لیے | (جو) وہ سب ایمان لاتے ہیں | آپ کہہ دیجیے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يٰعِبَادِيَ | الَّذِيْنَ | اَسْرَفُوْا | عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ | لَا تَقْنَطُوْا ⑧ |
| اے میرے بندو! | جن | سب نے زیادتی کی | اپنی جانوں پر | تم سب نا اُمید نہ ہو جاؤ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَغْفِرُ | الذُّنُوْبَ ⑥ | جَمِيْعًا ؕ |
| اللہ کی رحمت سے | بیشک | اللہ | وہ بخش دیتا ہے | گناہوں (کو) | سب کے سب |

ضروری وضاحت

① یہاں یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ② مَا کے بعد اُسی جملے میں بِ ہو تو اُس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ④ أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ لَمْ کے بعد علامت يَ کا ترجمہ عموماً اُس یا اُن کیا جاتا ہے۔ ⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسکا مفعول ہوتا ہے۔ ⑦ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔ ⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿53﴾ | بیشک وہی بہت بخشنے والا بڑا رحم کرنے والا ہے۔ ﴿53﴾ |
| وَاَنِیْبُوْۤا اِلٰى رَبِّكُمْ | اور تم رجوع کرو اپنے رب کی طرف |
| وَاَسْلِمُوْا لَهٗ | اور اُس کے فرمانبردار ہو جاؤ |
| مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَكُمُ الْعَذَابُ | اس سے پہلے کہ آ جائے تم پر عذاب |
| ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿54﴾ | پھر تم مدد نہیں کیے جاؤ گے۔ ﴿54﴾ |
| وَ اتَّبِعُوْۤا اَحْسَنَ | اور تم پیروی کرو سب سے اچھی بات کی |
| مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكُمْ | جو نازل کی گئی تمہاری طرف |
| مِّنْ رَّبِّكُمْ | تمہارے رب کی طرف سے |
| مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً | اس سے پہلے کہ آ جائے تم پر عذاب اچانک |
| وَّ اَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿55﴾ | جبکہ تم شعور نہ رکھتے ہو۔ ﴿55﴾ |
| اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ یّٰحَسْرَتٰى | (ایسا نہ ہو) کہ کوئی نفس یہ کہے ہائے افسوس |
| عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِیْ جَنْۢبِ اللّٰهِ | (اس) پر جو میں نے کوتاہی کی اللہ کے حق میں |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْغَفُوْرُ | : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔ | اتَّبِعُوْۤا | : اتباع، تابع، متبع سنت۔ |
| اَنِیْبُوْۤا | : انابت الی اللہ، منیب۔ | اَحْسَنَ | : احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔ |
| اِلٰى | : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ | اُنْزِلَ | : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ |
| اَسْلِمُوْا | : مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام، تسلیم۔ | تَشْعُرُوْنَ | : عقل و شعور، لاشعور، شعوری طور پر۔ |
| مِنْ | : منجانب، من و عن، من حیث القوم۔ | تَقُوْلَ | : قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| قَبْلِ | : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔ | نَفْسٌ | : نفس، نفسانفسی، نفوسِ قدسیہ۔ |
| لَا | : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | یّٰحَسْرَتٰى | : حسرت، حسرتیں، حسرت بھری نگاہیں۔ |
| تُنْصَرُوْنَ | : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔ | فَرَّطْتُّ | : افراط و تفریط، افراط زر (کمی)۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّهٗ | هُوَ الْغَفُوْرُ ①② | الرَّحِيْمُ ② ﴿53﴾ | وَ | اَنِيْبُوْٓا ③ |
| بیشک وہ | ہی بہت بخشنے والا | بڑا رحم کرنے والا (ہے) | اور | تم سب رجوع کرو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلٰى رَبِّكُمْ | وَ | اَسْلِمُوْا ③ | لَهٗ | مِنْ قَبْلِ |
| اپنے رب کی طرف | اور | تم سب فرمانبردار ہو جاؤ | اُس کے | (اس) سے پہلے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَنْ | يَّاْتِيَكُمُ | الْعَذَابُ | ثُمَّ | لَا تُنْصَرُوْنَ ④ ﴿54﴾ |
| کہ | وہ آجائے تم پر | عذاب | پھر | تم سب مدد نہیں کیے جاؤ گے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اتَّبِعُوْٓا ③ | اَحْسَنَ ⑤ | مَآ | اُنْزِلَ ⑥ | اِلَيْكُمْ |
| اور | تم سب پیروی کرو | سب سے اچھی بات کی | جو | نازل کی گئی | تمہاری طرف |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّنْ رَّبِّكُمْ | مِّنْ قَبْلِ | اَنْ | يَّاْتِيَكُمُ | الْعَذَابُ |
| تمہارے رب (کی طرف) سے | (اس) سے پہلے | کہ | وہ آجائے تم پر | عذاب |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَغْتَةً | وَّ اَنْتُمْ | لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿55﴾ لا | اَنْ | تَقُوْلَ ⑦ | نَفْسٌ |
| اچانک | جبکہ تم | تم سب شعور نہ رکھتے ہو | (ایسا نہ ہو) کہ | کہے | کوئی نفس |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يٰحَسْرَتٰى | عَلٰى | مَا | فَرَّطْتُّ | فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ |
| ہائے افسوس | (اس) پر | جو | میں نے کوتاہی کی | اللہ کے حق میں |

**ضروری وضاحت**

① هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ④ تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑥ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ تَ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

| | |
|---|---|
| وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿56﴾ | اور بلاشبہ میں تھا یقیناً مذاق کرنے والوں میں سے۔﴿56﴾ |
| اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ | یا کہے اگر بیشک اللہ مجھے ہدایت دے دیتا |
| لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿57﴾ | (تو) میں ضرور ہوتا پرہیزگاروں میں سے۔﴿57﴾ |
| اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ | یا کہے جس وقت وہ دیکھے عذاب کو |
| لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً | اگر واقعی میرے لیے ایک بار لوٹنا ہو |
| فَاَكُوْنَ | تو میں ہو جاؤں گا |
| مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿58﴾ | نیک عمل کرنے والوں میں سے |
| بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ | ہاں کیوں نہیں یقیناً آئیں تھیں تیرے پاس |
| اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا | میری آیتیں تو تو نے جھٹلا دیا اُن کو |
| وَاسْتَكْبَرْتَ | اور تو نے تکبر کیا |
| وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿59﴾ | اور تو تھا انکار کرنے والوں میں سے۔﴿59﴾ |
| وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى | اور قیامت کے دن آپ دیکھیں گے |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔
لَمِنَ : منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
السّٰخِرِيْنَ : مسخرہ پن، تمسخر اُڑانا۔
تَقُوْلَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
هَدٰىنِيْ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
الْمُتَّقِيْنَ : تقویٰ، متقی۔
تَرَى : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
لِيْ : الحمد للہ، لہٰذا۔
كَرَّةً : تکرار، مکرر، نشر مکرر۔
الْمُحْسِنِيْنَ : احسن جزاء، حسن، احسان، محسن۔
اٰيٰتِيْ : آیت، آیات، قرآنی آیات۔
فَكَذَّبْتَ : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔
اسْتَكْبَرْتَ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
الْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
الْقِيٰمَةِ : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ ① | كُنْتُ | لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ② ۙ (56) | اَوْ | تَقُوْلَ ③ |
| اور | بلاشبہ | میں تھا | یقیناً مذاق کرنے والوں میں سے | یا | وہ کہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَوْ ④ | اَنَّ ② | اللّٰهَ | هَدٰىنِيْ ⑤ | لَكُنْتُ ② |
| اگر | بے شک | اللہ | مجھے ہدایت دے دیتا | (تو) ضرور میں ہوتا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۙ (57) | اَوْ | تَقُوْلَ ③ | حِيْنَ | تَرَى ③ |
| پرہیزگاروں میں سے | یا | وہ کہے | جس وقت | وہ دیکھے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابَ ⑥ | لَوْ ④ | اَنَّ ② | لِيْ | كَرَّةً | فَاَكُوْنَ ⑦ |
| عذاب کو | اگر | واقعی | میرے لیے (ہو) | ایک بار لوٹنا | تو میں ہو جاؤں گا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ⑧ (58) | بَلٰى | قَدْ ② | جَآءَتْكَ ③ |
| نیک عمل کرنے والوں میں سے | ہاں کیوں نہیں | یقیناً | آئیں تمھیں تیرے پاس |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اٰيٰتِيْ | فَكَذَّبْتَ | بِهَا | وَ | اسْتَكْبَرْتَ |
| میری آیتیں | تو تو نے جھٹلا دیا | اُن کو | اور | تو نے تکبر کیا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كُنْتَ | مِنَ الْكٰفِرِيْنَ (59) | وَ | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | تَرَى |
| اور | تو تھا | انکار کرنے والوں میں سے | اور | قیامت کے دن | آپ دیکھیں گے |

## ضروری وضاحت

①اِنْ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کے لیے یہ اِنْ استعمال ہوا ہے۔② لَ، اِنَّ، اَنَّ اور قَدْ تمام تاکید کی علامتیں ہیں۔③ تَ اور تُ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔⑤ هَدٰىنِيْ فعل کے آخر میں جب ىْ آتی ہے تو درمیان میں نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔⑥فعل کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
⑦ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔⑧اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

| | |
|---|---|
| اَلَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ | (ان لوگوں کو) جنہوں نے جھوٹ باندھا اللہ پر |
| وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ | اُن کے چہرے سیاہ ہوں گے |
| اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ | کیا نہیں ہے جہنم میں |
| مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿60﴾ | تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا۔ ﴿60﴾ |
| وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ | اور اللہ نجات دے گا (ان لوگوں کو) جو |
| اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ز | ڈر گئے اُن کی کامیابی کی وجہ سے |
| لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ | نہیں پہنچے گی اُنہیں برائی |
| وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿61﴾ | اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ ﴿61﴾ |
| اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ز | اللہ (ہی) پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کو |
| وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿62﴾ | اور وہ ہر چیز پر نگہبان ہے۔ ﴿62﴾ |
| لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ | اُسی کے پاس چابیاں ہیں آسمانوں اور زمین کی |
| وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ | اور (وہ لوگ) جنہوں نے انکار کیا اللہ کی آیات کا |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| كَذَبُوْا : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔ | السُّوْٓءُ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔ |
| وُجُوْهُهُمْ : وجہ، متوجہ، توجہ، علی وجہ البصیرت۔ | يَحْزَنُوْنَ : حزن وملال، عام الحزن۔ |
| مُّسْوَدَّةٌ : حجر اسود، مسودہ۔ | خَالِقُ : خالق، مخلوق، تخلیق، خلقِ خدا۔ |
| لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔ | شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خورد ونوش۔ |
| يُنَجِّي : نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔ | وَّكِيْلٌ : وکیل، وکالت۔ |
| اتَّقَوْا : تقویٰ، متقی۔ | السَّمٰوٰتِ : ارض وسماء، کتب سماویہ، سماوی آفات۔ |
| بِمَفَازَتِهِمْ : فوز وفلاح، عہدے پر فائز ہونا۔ | الْاَرْضِ : ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔ |
| يَمَسُّهُمْ : مس، مساس۔ | كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَذَبُوْا | عَلَى اللّٰهِ | وُجُوْهُهُمْ ① |
| (اُن لوگوں کو) جن | سب نے جھوٹ باندھا | اللہ پر | اُن کے چہرے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مُّسْوَدَّةٌ ② ط | اَ ③ | لَيْسَ | فِيْ جَهَنَّمَ | مَثْوًى | لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ④ (60) |
| سیاہ (ہوں گے) | کیا | نہیں (ہے) | جہنم میں | ٹھکانا | سب تکبر کرنے والوں کا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يُنَجِّي | اللّٰهُ ⑤ | الَّذِيْنَ | اتَّقَوْا | بِمَفَازَتِهِمْ ①⑥ ز |
| اور | وہ نجات دے گا | اللہ | (ان لوگوں کو) جو | سب ڈر گئے | اُن کی کامیابی کی وجہ سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَا يَمَسُّهُمُ ① | السُّوْٓءُ ⑤ | وَ | لَا | هُمْ يَحْزَنُوْنَ ⑦ (61) |
| نہیں وہ پہنچے گی اُنہیں | برائی | اور | نہ | وہ سب غمگین ہوں گے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَللّٰهُ | خَالِقُ | كُلِّ | شَيْءٍ ز | وَّ | هُوَ |
| اللہ | پیدا کرنے والا (ہے) | ہر | چیز (کو) | اور | وہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ | وَّكِيْلٌ (62) | لَهٗ | مَقَالِيْدُ | السَّمٰوٰتِ ② |
| ہر چیز پر | نگہبان (ہے) | اُسی کے پاس | چابیاں (ہیں) | آسمانوں (کی) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضِ ط | وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ② |
| اور | زمین (کی) | اور | (ان لوگوں کو) جن | سب انکار کیا | اللہ کی آیات کا |

## ضروری وضاحت

① هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا یا اپنا اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔② ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ أ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ کیا کیا جاتا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔⑦ هُمْ اور يَ دونوں کا ملا کر ترجمہ وہ کیا گیا ہے۔

ع 6 11 3

| | |
|---|---|
| اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿63﴾ ع | وہی لوگ ہی خسارہ اُٹھانے والے ہیں۔﴿63﴾ |
| قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ | کہہ دیجیے تو (بھلا) کیا غیر اللہ (کے بارے میں) |
| تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ | تم حکم دیتے ہو مجھے (کہ) میں عبادت کروں |
| اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿64﴾ | اے جاہلو!۔﴿64﴾ |
| وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ | اور بلاشبہ یقیناً وحی کی گئی ہے آپ کی طرف |
| وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ | اور (ان) کی طرف جو آپ سے پہلے ہوئے |
| لَئِنْ اَشْرَكْتَ | بلاشبہ اگر آپ نے شرک کیا |
| لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ | (تو) بلاشبہ ضرور ضائع ہوجائے گا آپ کا عمل |
| وَلَتَكُوْنَنَّ | اور بلاشبہ آپ ضرور ہوجائیں گے |
| مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿65﴾ | خسارہ اُٹھانے والوں میں سے۔﴿65﴾ |
| بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ | بلکہ اللہ ہی کی پھر آپ عبادت کریں |
| وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿66﴾ | اور ہوجائیں آپ شکر کرنے والوں میں سے۔﴿66﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْخٰسِرُوْنَ : خسارہ، خائب وخاسر۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
فَغَيْرَ : دیارغیر، غیر اللہ، اغیار۔
تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔
اَعْبُدُ، فَاعْبُدْ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔
اَلْجٰهِلُوْنَ : جاہل، جہالت، مجہول۔
اُوْحِيَ : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
اِلَيْكَ : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
قَبْلِكَ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل ازغذا۔
اَشْرَكْتَ : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔
عَمَلُكَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔
اَلْخٰسِرِيْنَ : خسارہ، خائب وخاسر۔
بَلِ : بلکہ۔
مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اَلشّٰكِرِيْنَ : شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔

ع 6 11 3

| | | |
|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ ① | هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿63﴾ ② ع | قُلْ ③ |
| وہی لوگ | ہی سب خسارہ اُٹھانے والے (ہیں) | آپ کہہ دیجیے |

| | | |
|---|---|---|
| اَفَغَيْرَ اللّٰهِ ④ | تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ | اَعْبُدُ |
| تو (بھلا) کیا اللہ کے سوا (کے بارے میں) | تم سب حکم دیتے ہو مجھے | (کہ) میں عبادت کروں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿64﴾ | وَ | لَقَدْ ⑤ | اُوْحِيَ ⑥ | اِلَيْكَ |
| اے سب جاہلو! | اور | بلاشبہ یقیناً | وحی کی گئی ہے | آپ کی طرف |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | اِلَى | الَّذِيْنَ ⑦ | مِنْ قَبْلِكَ ج | لَئِنْ |
| اور | (اُن کی) طرف | جو | آپ سے پہلے (ہوئے) | بلاشبہ اگر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَشْرَكْتَ | لَيَحْبَطَنَّ | عَمَلُكَ | وَ |
| آپ نے شرک کیا | (تو) بلاشبہ ضرور وہ ضائع ہوجائے گا | آپ کا عمل | اور |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَتَكُوْنَنَّ | مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿65﴾ | بَلِ | اللّٰهَ |
| بلاشبہ آپ ضرور ہوجائیں گے | خسارہ اُٹھانے والوں میں سے | بلکہ | اللہ (ہی کی) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَاعْبُدْ | وَ | كُنْ | مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿66﴾ |
| پھر آپ عبادت کریں | اور | آپ ہوجائیں | شکر کرنے والوں میں سے |

## ضروری وضاحت

①اُولٰٓئِكَ جمع کے لیے اسمِ اشارہ بعید ہے عموماً بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔②هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم شامل ہوتا ہے۔③قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، گرامر کے اصول کے مطابق و کو گرایا گیا ہے۔④أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤علامت لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔⑥فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنہوں نے وغیرہ کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ | اور نہیں اُنہوں نے قدر کی اللہ کی |
| حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا | (جو) اُسکی قدر کا حق ہے اور زمین سب کی سب |
| قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | اُسکی مٹھی میں ہوگی قیامت کے دن |
| وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ | اور آسمان لپیٹے ہوئے ہوں گے |
| بِيَمِيْنِهٖ ؕ | اُس کے دائیں ہاتھ میں، |
| سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى | وہ پاک ہے اور وہ بہت بلند ہے |
| عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿67﴾ | (اُس) سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔﴿67﴾ |
| وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ | اور (جب) صور میں پھونکا جائے گا |
| فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ | تو بے ہوش ہو کر گر جائے گا جو آسمانوں میں |
| وَمَنْ فِي الْاَرْضِ | اور جو زمین میں ہوگا |
| اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ | مگر جسے اللہ نے چاہا |
| ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى | پھر پھونکا جائے گا اُس میں دوسری مرتبہ |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قَدَرُوا، قَدْرِهٖ : قدردان، بے قدر، قدر و قیمت۔
الْاَرْضُ : ارض و سماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔
جَمِيْعًا : جمع، جمیع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔
تَقْتُلُوْنَ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔
بِالْبَيِّنٰتِ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَوْ | اَنْ ① | يُّظْهِرَ | فِي الْاَرْضِ | الْفَسَادَ ﴿26﴾ |
| یا | یہ کہ | وہ پھیلا دے گا | زمین میں | فساد |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | مُوْسٰى | اِنِّىْ | عُذْتُ |
| اور | کہا | موسیٰ (نے) | بیشک میں | میں پناہ میں آیا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بِرَبِّىْ ② | وَ | رَبِّكُمْ ③ | مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ |
| اپنے رب کی | اور | تمہارے رب کی | ہر تکبر کرنے والے سے |

ع 3 7 8

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَّا يُؤْمِنُ ④ | بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿27﴾ ع ② | وَ | قَالَ | رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ⑤ صلے |
| وہ ایمان نہیں لاتا | یوم حساب پر | اور | کہا | ایک مؤمن آدمی (نے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ | يَكْتُمُ | اِيْمَانَهٗٓ ⑥ | اَ | تَقْتُلُوْنَ |
| آل فرعون میں سے | وہ چھپائے ہوئے تھا | اپنا ایمان | کیا | تم سب قتل کرتے ہو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَجُلًا ⑤ | اَنْ ① | يَّقُوْلَ | رَبِّيَ ⑦ | اللّٰهُ |
| ایک (ایسے) آدمی کو | کہ | وہ کہتا ہے | میرا رب | اللہ (ہے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | قَدْ ⑧ | جَآءَكُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ ② | مِنْ رَّبِّكُمْ ③ ط |
| اور | یقیناً | وہ آیا ہے تمہارے پاس | واضح دلائل کیساتھ | تمہارے رب (کی طرف) سے |

### ضروری وضاحت

① اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔③ کُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہارا یا اپنا کیا جاتا ہے۔④ لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش ہو تو کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا یا اپنا کیا ہے۔⑦ رَبِّیْ کی یْ پر جزم تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زبر آئی ہے۔⑧ قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا | اور اگر وہ جھوٹا ہے |
| فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ | تو اُسی پر (وبال) ہے اس کے جھوٹ کا |
| وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا | اور اگر وہ سچا ہے |
| يُّصِبْكُمْ بَعْضُ | (تو) پہنچے گا تم کو کچھ حصہ (اس عذاب کا) |
| الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ؕ | جس کا وہ وعدہ کرتا ہے تم سے |
| اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ | بیشک اللہ (زبردستی) ہدایت نہیں دیتا |
| مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿28﴾ | (اُسے) جو وہ حد سے بڑھنے والا بہت جھوٹا ہو۔ ﴿28﴾ |
| يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ | اے میری قوم آج تم کو بادشاہی حاصل ہے |
| ظٰهِرِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۫ | (اس حال میں کہ تم) غالب ہو زمین (ملک) میں |
| فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ | پھر کون ہماری مدد کرے گا اللہ کے عذاب سے |
| اِنْ جَآءَنَا ؕ | اگر وہ آگیا ہمارے پاس |
| قَالَ فِرْعَوْنُ مَآ اُرِيْكُمْ | فرعون نے کہا نہیں میں دکھاتا تمہیں |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَاذِبًا، كَذَّابٌ : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
فَعَلَيْهِ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
صَادِقًا : صداقت، صدقِ دل، صادق و امین۔
يُّصِبْكُمْ : مصیبت، آلام و مصائب۔
يَعِدُكُمْ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔
يَهْدِيْ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
مُسْرِفٌ : اسراف و تبذیر۔
يٰقَوْمِ : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔
اَلْمُلْكُ : مالک الملک، مُلک و ملت، ملوکیت۔
اَلْيَوْمَ : یوم، ایام، یومِ آخرت، یومِ آزادی۔
ظٰهِرِيْنَ : ظاہر، مظاہرہ، مظہر، ظہور، اظہار۔
فِي : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الْاَرْضِ : ارض و سماء، قطعہ اراضی، ارضِ مقدس۔
يَّنْصُرُنَا : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔
قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔
اُرِيْكُمْ : رؤیتِ ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | يَّكُ ① | كَاذِبًا | فَعَلَيْهِ | كَذِبُهٗ ۚ |
| اور | اگر | وہ ہے | جھوٹا | تو اُسی پر (وبال) ہے | اس کا جھوٹ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | يَّكُ ① | صَادِقًا | يُّصِبْكُمْ ② | بَعْضُ |
| اور | اگر | وہ ہے | سچا | (تو) پہنچے گا تم کو | کچھ حصہ (اس عذاب کا) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْ | يَعِدُكُمْ ؕ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا يَهْدِيْ ② |
| جس کا | وہ وعدہ کرتا ہے تم سے | بے شک | اللہ | (زبردستی) ہدایت نہیں دیتا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَنْ ③ | هُوَ | مُسْرِفٌ ④ | كَذَّابٌ ⑤ (28) | يٰقَوْمِ ⑥ |
| (اُسے) جو | وہ | حد سے بڑھنے والا | بہت جھوٹا (ہو) | اے (میری) قوم |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَكُمُ ⑦ | الْمُلْكُ | الْيَوْمَ | ظٰهِرِيْنَ |
| تم کو | بادشاہی (حاصل ہے) | آج | (اس حال میں کہ تم) سب غالب (ہو) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِي الْاَرْضِ ز | فَمَنْ | يَّنْصُرُنَا ② | مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ | اِنْ |
| زمین (ملک) میں | پھر کون | مدد کرے گا ہماری | اللہ کے عذاب سے | اگر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جَآءَنَا ؕ | قَالَ | فِرْعَوْنُ | مَآ | اُرِيْكُمْ |
| وہ آگیا ہمارے پاس | کہا | فرعون (نے) | نہیں | میں دکھاتا تمہیں |

### ضروری وضاحت

①يَكُ دراصل يَكُنْ تھا تخفیف کے لیے آخر سے نْ گرایا گیا ہے۔②یہاں يـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ③مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔④اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ⑤فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥يٰقَوْمِ دراصل يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے يْ تخفیف کے لیے گرائی گئی ہے اسی کا ترجمہ میری ہے۔⑦لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔

| | |
|---|---|
| اِلَّا مَاۤ اَرٰى | مگر (وہی) جو میں دیکھتا ہوں |
| وَمَاۤ اَهۡدِيۡكُمۡ | اور نہیں میں رہنمائی دیتا تمہیں |
| اِلَّا سَبِيۡلَ الرَّشَادِ ﴿29﴾ | مگر بھلائی کے راستے کی۔ ﴿29﴾ |
| وَقَالَ الَّذِىۡۤ اٰمَنَ يٰقَوۡمِ | اور کہا اُس نے جو ایمان لایا اے میری قوم |
| اِنِّىۡۤ اَخَافُ عَلَيۡكُمۡ | بیشک میں ڈرتا ہوں تم پر |
| مِّثۡلَ يَوۡمِ الۡاَحۡزَابِ ۙ﴿30﴾ | (گزشتہ) گروہوں کے دن کی طرح (کے عذاب سے)۔ ﴿30﴾ |
| مِثۡلَ دَاۡبِ قَوۡمِ نُوۡحٍ | یعنی قوم نوح کے حال کی طرح |
| وَّعَادٍ وَّثَمُوۡدَ | اور عاد و ثمود (کے حال کی طرح تمہارا حال نہ ہو جائے) |
| وَالَّذِيۡنَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ ؕ | اور (اُن لوگوں کے حال کی طرح) جو اِن کے بعد ہوئے |
| وَمَا اللّٰهُ يُرِيۡدُ ظُلۡمًا لِّلۡعِبَادِ ﴿31﴾ | اور اللہ نہیں چاہتا ظلم کرنا (اپنے) بندوں پر۔ ﴿31﴾ |
| وَيٰقَوۡمِ اِنِّىۡۤ اَخَافُ عَلَيۡكُمۡ | اور اے میری قوم بیشک میں ڈرتا ہوں تم پر |
| يَوۡمَ التَّنَادِ ۙ﴿32﴾ | ایک دوسرے کو پکارنے کے دن سے۔ ﴿32﴾ |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلَّا | اِلا ماشاءاللہ، اِلاّ قلیل، اِلا یہ کہ۔ | يٰقَوۡمِ | قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔ |
| مَاۤ | ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔ | اَخَافُ | خوف، خائف، خوف و ہراس۔ |
| اَرٰى | رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔ | مِّثۡلَ | مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔ |
| اَهۡدِيۡكُمۡ | ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔ | يَوۡمِ | یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔ |
| سَبِيۡلَ | فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ | الۡاَحۡزَابِ | حزب اللہ، حزب الشیطان، حزب اختلاف۔ |
| الرَّشَادِ | رُشد و ہدایت، خلافت راشدہ، مرشد۔ | يُرِيۡدُ | ارادہ، مرید، مراد۔ |
| قَالَ | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | لِّلۡعِبَادِ | عبد، عابد، معبود، عبادت۔ |
| اٰمَنَ | ایمان، مومن، امن۔ | التَّنَادِ | نداء، منادی، ندائے ملت۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | مَآ ① | اَرٰى | وَ ② | مَآ ① | اَهْدِيْكُمْ |
| مگر (وہی) | جو | میں دیکھتا ہوں | اور | نہیں | میں رہنمائی دیتا تمہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿29﴾ | وَ ② | قَالَ | الَّذِيْٓ ③ |
| مگر | بھلائی کے راستے (کی) | اور | کہا | (اُس نے) جو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اٰمَنَ | يٰقَوْمِ ④ | اِنِّيْٓ اَخَافُ ⑤ | عَلَيْكُمْ |
| ایمان لایا | اے (میری) قوم | بیشک میں ڈرتا ہوں | تم پر |

| | | |
|---|---|---|
| مِّثْلَ يَوْمِ الْاَحْزَابِ ﴿30﴾ لا | مِثْلَ دَاْبِ | قَوْمِ نُوْحٍ |
| گروہوں کے دن کی طرح | حال کی طرح | قوم نوح (کے) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَّ ② | عَادٍ | وَّ ② | ثَمُوْدَ | وَ ② | الَّذِيْنَ ③ |
| اور | عاد | اور | ثمود (کے حال کی طرح تمہارا حال نہ ہو جائے) | اور | (اُن لوگوں کے حال کی طرح) جو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْۢ بَعْدِهِمْ ⑥ ط | وَ ② | مَا ① | اللّٰهُ | يُرِيْدُ | ظُلْمًا | لِّلْعِبَادِ ﴿31﴾ |
| ان کے بعد ہوئے | اور | نہیں | اللہ | وہ چاہتا | ظلم کرنا | (اپنے) بندوں پر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ ② | يٰقَوْمِ ④ | اِنِّيْٓ اَخَافُ ⑤ | عَلَيْكُمْ | يَوْمَ التَّنَادِ ⑦ ﴿32﴾ لا |
| اور | اے (میری) قوم | بیشک میں ڈرتا ہوں | تم پر | ایک دوسرے کو پکارنے کے دن (سے) |

**ضروری وضاحت**

①مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس کیا جاتا ہے جب مَا کے بعد اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔②وَ کا ترجمہ کبھی اور کبھی اس حال میں کہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔③اَلَّذِیْ واحد مذکر کی اور اَلَّذِیْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔
④يٰقَوْمِ دراصل يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گرائی ہے اسی کا ترجمہ میری ہے۔⑤یہاں یْ اور اُ دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔⑥یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦اس لفظ میں موجود تَا اور اَ میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

| | |
|---|---|
| يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ | جس دن تم پھرو (بھاگو) گے پیٹھ پھیرتے ہوئے |
| مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ | نہیں ہوگا تمہارے لیے اللہ (کے عذاب) سے |
| مِنْ عَاصِمٍ ۚ | کوئی بچانے والا |
| وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ | اور جسے اللہ گمراہ کردے |
| فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿33﴾ | تو نہیں اس کو کوئی ہدایت دینے والا۔ ﴿33﴾ |
| وَلَقَدْ جَآءَكُمْ | اور بلاشبہ یقیناً آیا تمہارے پاس |
| يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ | (اس) سے پہلے یوسف واضح دلائل کے ساتھ |
| فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ | پھر ہمیشہ تم رہے شک میں |
| مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ | (اس) سے جس کو وہ لایا تمہارے پاس |
| حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ | یہاں تک کہ جب وہ فوت ہوگیا (تو) تم نے کہا |
| لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ | ہرگز نہیں بھیجے گا اللہ اس کے بعد کوئی رسول |
| كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ | اسی طرح اللہ گمراہ کرتا ہے |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
مُدْبِرِيْنَ : دُبر، ادبار زمانہ۔
مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يُّضْلِلِ : ضلالت وگمراہی۔
هَادٍ : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
قَبْلُ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔
بِالْبَيِّنٰتِ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
شَكٍّ : شک، بے شک، مشکوک، شک وشبہ۔
مِّمَّا : منجانب، من وعن / ماحول، ماتحت، ماجرا۔
حَتّٰٓى : حتیٰ کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔
هَلَكَ : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔
قُلْتُمْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
يَّبْعَثَ : بعث بعد الموت، بعثت، مبعوث۔
بَعْدِهٖ : بعد از طعام، بعد از نمازِ عشاء۔
رَسُوْلًا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَوْمَ | تُوَلُّوْنَ | مُدْبِرِيْنَ ۚ ① | مَا | لَكُمْ |
| (جس) دن | تم سب پھرو (بھاگو) گے | سب پیٹھ پھیرتے ہوئے | نہیں | تمہارے لیے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ اللّٰهِ | مِنْ عَاصِمٍ ۚ ②③ | وَ | مَنْ ④ | يُّضْلِلِ | اللّٰهُ ⑤ |
| اللہ (کے عذاب) سے | کوئی بچانے والا | اور | جسے | وہ گمراہ کردے | اللہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَمَا | لَهٗ | مِنْ هَادٍ ﴿33﴾ ②③ | وَ | لَقَدْ ⑥ | جَآءَكُمْ |
| تو نہیں | اس کو | کوئی ہدایت دینے والا | اور | بلاشبہ یقیناً | آیا تمہارے پاس |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يُوْسُفُ | مِنْ قَبْلُ | بِالْبَيِّنٰتِ | فَمَا زِلْتُمْ ⑦ |
| یوسف | اس سے پہلے | واضح دلائل کے ساتھ | پھر ہمیشہ رہے تم |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِيْ شَكٍّ | مِّمَّا ⑧ | جَآءَكُمْ | بِهٖ ؕ |
| شک میں | (اس) سے جو | وہ لایا تمہارے پاس | اس کو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حَتّٰٓى | اِذَا | هَلَكَ | قُلْتُمْ | لَنْ يَّبْعَثَ | اللّٰهُ ⑤ |
| یہاں تک کہ | جب | وہ فوت ہوگیا | (تو) تم نے کہا | ہرگز نہیں وہ بھیجے گا | اللہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنْۢ بَعْدِهٖ ② | رَسُوْلًا ؕ ③ | كَذٰلِكَ | يُضِلُّ | اللّٰهُ ⑤ |
| اس کے بعد | کوئی رسول | اسی طرح | گمراہ کرتا ہے | اللہ |

### ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔② یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔
③ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔④علامت مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی
کون، کس کیا جاتا ہے۔⑤فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑥ علامت لَ اور قَدْ دونوں
تاکید کی علامتیں ہیں۔⑦ یہاں مَا اور زِلْتُمْ دونوں کو ملا کر ترجمہ ہمیشہ کیا گیا ہے۔⑧مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

| | |
|---|---|
| مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ | اُسے جو (کہ) وہ حد سے بڑھنے والا ہو |
| مُّرْتَابٌ ﴿34﴾ | شک کرنے والا ہو۔ ﴿34﴾ |
| الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ | وہ لوگ جو جھگڑتے ہیں اللہ کی آیات میں |
| بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ | بغیر کسی دلیل کے (جو) آئی ہو اُن کے پاس |
| كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ | بڑی ناراضگی کی بات ہے اللہ کے نزدیک |
| وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ | اور (انکے) نزدیک (بھی) جو ایمان لائے |
| كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ | اسی طرح اللہ مہر لگا دیتا ہے |
| عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿35﴾ | ہر متکبر سرکش کے دل پر۔ ﴿35﴾ |
| وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ | اور فرعون نے کہا اے ہامان |
| ابْنِ لِيْ صَرْحًا | تو بنا میرے لیے ایک بلند عمارت (محل) |
| لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿36﴾ | تاکہ میں پہنچ جاؤں (اس پر چڑھ کر) راستوں پر۔ ﴿36﴾ |
| اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ | آسمانوں کے راستوں پر |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| يُضِلُّ | : ضلالت وگمراہی۔ |
| مُسْرِفٌ | : اسراف وتبذیر۔ |
| مُّرْتَابٌ | : کتاب لاریب، ریب وتردد۔ |
| يُجَادِلُوْنَ | : جنگ وجدل، جدال۔ |
| بِغَيْرِ | : دیارِ غیر، غیر اللہ، اغیار۔ |
| سُلْطٰنٍ | : سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔ |
| كَبُرَ | : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔ |
| عِنْدَ | : عندالطلب، عنداللہ ماجور ہوں، عندیہ۔ |
| كَذٰلِكَ | : کماحقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔ |
| يَطْبَعُ | : طباعت، مطبع۔ |
| قَلْبِ | : قلبی تعلق، امراضِ قلب، قلوب واذہان۔ |
| مُتَكَبِّرٍ | : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔ |
| جَبَّارٍ | : جبر، جبار وقہار، جبروت۔ |
| ابْنِ | : ابنائے جامعہ، عیسٰی ابن مریم، ابن عمر۔ |
| اَبْلُغُ | : بالغ، بلوغ، بلوغت، ابلاغ۔ |
| السَّمٰوٰتِ | : ارض وسماء، کتب سماویہ، سماوی آفات۔ |

| مَنْ ① | هُوَ | مُسْرِفٌ ② | مُّرْتَابُۨ ۝34 | الَّذِيْنَ ③ |
|---|---|---|---|---|
| (اُسے) جو | وہ | حد سے بڑھنے والا (ہو) | شک کرنے والا (ہو) | (وہ لوگ) جو |

| يُجَادِلُوْنَ | فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ④ | بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ ⑤ | اَتٰىهُمْ ؕ |
|---|---|---|---|
| وہ سب جھگڑتے ہیں | اللہ کی آیات میں | بغیر کسی دلیل کے | (جو) آئی ہو اُن کے پاس |

| كَبُرَ | مَقْتًا | عِنْدَ اللّٰهِ | وَ | عِنْدَ | الَّذِيْنَ ③ |
|---|---|---|---|---|---|
| بڑی بات ہے | ناراضگی (کے لحاظ سے) | اللہ کے نزدیک | اور | (انکے) نزدیک (بھی) | جو |

| اٰمَنُوْا ؕ | كَذٰلِكَ | يَطْبَعُ | اللّٰهُ ⑥ | عَلٰى كُلِّ قَلْبِ |
|---|---|---|---|---|
| سب ایمان لائے | اسی طرح | وہ مہر لگا دیتا ہے | اللہ | ہر دل پر |

| مُتَكَبِّرٍ ② | جَبَّارٍ ۝35 | وَ | قَالَ | فِرْعَوْنُ ⑥ | يٰهَامٰنُ |
|---|---|---|---|---|---|
| متکبر | سرکش (کے) | اور | کہا | فرعون (نے) | اے ہامان |

| ابْنِ ⑦ | لِيْ | صَرْحًا ⑤ | لَّعَلِّيْٓ |
|---|---|---|---|
| تو بنا | میرے لیے | ایک بلند عمارت (محل) | تاکہ میں |

| اَبْلُغُ | الْاَسْبَابَ ⑥ ۝36 لا | اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ ④ |
|---|---|---|
| میں پہنچ جاؤں | راستوں پر | آسمانوں کے راستوں پر |

## ضروری وضاحت

① مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔ ② شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ③ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔ ④ ات جمع مؤنث کی علامت ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کسی یا ایک کیا گیا ہے۔ ⑥ فعل کے بعد اسم کے آخر میں پیش ہو تو وہ اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ⑦ اِبْنِ دراصل تَبْنِيْ تھا، گرامر کے اُصول کے مطابق آخر سے ی گری ہوئی ہے۔

| | |
|---|---|
| فَاَطَّلِعَ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى | پھر میں جھانکوں موسیٰ کے معبود کی طرف |
| وَاِنِّىْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ | اور بیشک میں واقعی اُسے جھوٹا سمجھتا ہوں |
| وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ | اور اسی طرح مزین کر دیا گیا فرعون کے لیے |
| سُوْٓءُ عَمَلِهٖ | اس کا برا عمل |
| وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ؕ | اور وہ روکا گیا (سیدھے) راستے سے |
| وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِىْ تَبَابٍ ﴿37﴾ ع 10 | اور نہیں تھی فرعون کی چال مگر تباہی ہی میں۔﴿37﴾ |
| وَقَالَ الَّذِىْٓ اٰمَنَ | اور کہا (اس شخص نے) جو ایمان لایا تھا |
| يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ | اے میری قوم میرے پیچھے چلو |
| اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿38﴾ ج | میں تمہیں بھلائی کا راستہ بتاؤں گا۔﴿38﴾ |
| يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا | اے میری قوم بیشک صرف یہ دُنیاوی زندگی |
| مَتَاعٌ ز | (تو) معمولی فائدہ اُٹھانا ہے |
| وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِىَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿39﴾ | اور بلاشبہ آخرت وہی قرار کا گھر ہے۔﴿39﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلٰٓى اِلٰهِ | : مکتوب الیہ، مرسل الیہ / الہ، اُلوہیت۔ | اتَّبِعُوْنِ | : اتباع، تابع، متبع سنت۔ |
| لَاَظُنُّهٗ | : سوءِ ظن، بدظن، ظن غالب، حسنِ ظن۔ | اَهْدِكُمْ | : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔ |
| كَاذِبًا | : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔ | الرَّشَادِ | : رُشد وہدایت، خلافت راشدہ، مرشد۔ |
| كَذٰلِكَ | : کما حقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔ | الْحَيٰوةُ | : موت وحیات، حیاتی مماتی۔ |
| زُيِّنَ | : مزین، تزئین وآرائش، زینت۔ | مَتَاعٌ | : متاع کارواں، مال ومتاع۔ |
| سُوْٓءُ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔ | الْاٰخِرَةَ | : فکرِ آخرت، اُخروی زندگی۔ |
| السَّبِيْلِ | : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ | دَارُ | : دار فانی، دار الکتب، دیارِ غیر۔ |
| اِلَّا | : اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔ | الْقَرَارِ | : قرارگاہ۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَاَطَّلِعَ | اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى | وَ | اِنِّىْ |
| پھر میں جھانکوں | موسیٰ کے معبود کی طرف | اور | بے شک میں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَاَ ظُنُّهٗ ① | كَاذِبًا ؕ | وَ | كَذٰلِكَ | زُيِّنَ ② |
| واقعی میں سمجھتا ہوں اُسے | جھوٹا | اور | اسی طرح | مزین کر دیا گیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِفِرْعَوْنَ | سُوْٓءُ عَمَلِهٖ | وَ | صُدَّ ②③ | عَنِ السَّبِيْلِ ؕ |
| فرعون کے لیے | اس کا برا عمل | اور | وہ روکا گیا | (سیدھے) راستے سے |

ع 4 10 9

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | كَيْدُ فِرْعَوْنَ | اِلَّا | فِىْ تَبَابٍ ع ﴿37﴾ |
| اور | نہیں (تھی) | فرعون کی چال | مگر | تباہی میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | الَّذِىْٓ | اٰمَنَ | يٰقَوْمِ ④ | اتَّبِعُوْنِ ⑤ |
| اور | کہا | (اُس شخص نے) جو | ایمان لایا تھا | اے (میری) قوم | تم سب میرے پیچھے چلو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَهْدِكُمْ | سَبِيْلَ | الرَّشَادِ ج ﴿38﴾ | يٰقَوْمِ ④ | اِنَّمَا ⑥ | هٰذِهِ |
| میں بتاؤں گا تمھیں | راستہ | بھلائی کا | اے (میری) قوم | بے شک صرف | یہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا | مَتَاعٌ ز | وَّ | اِنَّ | الْاٰخِرَةَ | هِىَ | دَارُ الْقَرَارِ ﴿39﴾ |
| دنیاوی زندگی | معمولی فائدہ | اور | بلاشبہ | آخرت | وہی | قرار کا گھر (ہے) |

## ضروری وضاحت

① لَ تاکید کی علامت ہے۔ ② فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ صُدَّ اصل میں صُدِدَ تھا، گرامر کے اصول کے مطابق دونوں د کو شد دے کر اکٹھا کر دیا گیا ہے۔ ④ يٰقَوْمِ دراصل يٰقَوْمِىْ تھا آخر سے ىْ تخفیف کے لیے گرائی ہے اسی کا ترجمہ میری ہے۔ ⑤ یہ دراصل اِتَّبِعُوْنِىْ تھا فعل کے ساتھ ىْ لگانی ہو تو درمیان میں نِ کا اضافہ ضروری ہوتا ہے، یہاں ىْ تخفیف کے لیے گری ہوئی ہے۔ ⑥ اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً | جس نے کوئی برائی کی |
| فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ | تو نہیں وہ بدلہ دیا جائے گا مگر اس کی مثل |
| وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا | اور جس نے نیک عمل کیا |
| مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى | کوئی مرد ہو یا کوئی عورت |
| وَهُوَ مُؤْمِنٌ | جبکہ وہ مؤمن ہو |
| فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ | تو وہی لوگ داخل ہوں گے جنت میں |
| يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿40﴾ | وہ رزق دیے جائیں گے اس میں بے حساب۔ ﴿40﴾ |
| وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ | اے میری قوم کیا ہے مجھ کو |
| اَدْعُوْكُمْ اِلَى النَّجٰوةِ | (کہ) میں بلاتا ہوں تمہیں نجات کی طرف |
| وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿41﴾ | اور تم بلاتے ہو مجھے آگ کی طرف۔ ﴿41﴾ |
| تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ | تم بلاتے ہو مجھے کہ میں کفر کروں اللہ کے ساتھ |
| وَاُشْرِكَ بِهٖ | اور میں شریک ٹھہراؤں اُس کے ساتھ |

النصف

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَمِلَ | : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔ | يَدْخُلُوْنَ | : دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔ |
| سَيِّئَةً | : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔ | يُرْزَقُوْنَ | : رزق، رزّاق، رازق۔ |
| يُجْزٰٓى | : جزاء وسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔ | بِغَيْرِ | : دیارِ غیر، غیر اللہ۔ |
| اِلَّا | : اِلا ماشاء اللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔ | اَدْعُوْكُمْ، تَدْعُوْنَنِيْٓ | : دعا، داعی، مدعی، دعوت۔ |
| صَالِحًا | : صالح، صلح، اعمال صالحہ۔ | النَّجٰوةِ | : نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔ |
| ذَكَرٍ | : مذکر و مؤنث، تذکیر و تانیث۔ | النَّارِ | : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔ |
| اُنْثٰى | : مؤنث و مذکر، تذکیر و تانیث۔ | لِاَكْفُرَ | : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ |
| مُؤْمِنٌ | : ایمان، مومن، امن۔ | اُشْرِكَ | : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَنْ | عَمِلَ | سَيِّئَةً ①② | فَلَا | يُجْزٰۤى ③ |
| جس نے | کی | کوئی برائی | تو نہیں | وہ بدلہ دیا جائے گا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | مِثْلَهَا ۚ | وَ | مَنْ | عَمِلَ | صَالِحًا |
| مگر | اس کی مثل | اور | جس نے | عمل کیا | نیک |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ ذَكَرٍ ②④ | اَوْ | اُنْثٰى ① | وَ | هُوَ | مُؤْمِنٌ |
| کوئی مرد | یا | (کوئی) عورت | جبکہ | وہ | مؤمن (ہو) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَاُولٰٓئِكَ ⑤ | يَدْخُلُوْنَ | الْجَنَّةَ ① | يُرْزَقُوْنَ ③ |
| تو وہی لوگ | وہ سب داخل ہوں گے | جنت (میں) | وہ سب رزق دیے جائیں گے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿40﴾ | وَ | يٰقَوْمِ ⑥ | مَا | لِيْۤ | اَدْعُوْكُمْ |
| اس میں | بغیر حساب | اور | اے (میری) قوم | کیا (ہے) | مجھ کو | (کہ) میں بلاتا ہوں تمہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلَى النَّجٰوةِ | وَ | تَدْعُوْنَنِيْۤ ⑦ | اِلَى النَّارِ ﴿41﴾ ط | تَدْعُوْنَنِيْ ⑦ |
| نجات کی طرف | اور | تم سب بلاتے ہو مجھے | آگ کی طرف | تم سب بلاتے ہو مجھے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِاَكْفُرَ | بِاللّٰهِ | وَ | اُشْرِكَ | بِهٖ |
| تا کہ میں کفر کروں | اللہ کے ساتھ | اور | میں شریک ٹھہراؤں | اُس کے ساتھ |

النصف

## ضروری وضاحت

① ةً، ـً ی اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ② ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ اُولٰٓئِكَ اشارہ بعید ہے ہیں اور اسکا استعمال عموماً بات میں زور پیدا کرنے کے لیے ہوتا ہے۔ ⑥ يٰقَوْمِ دراصل يٰقَوْمِيْ تھا آخر سے یْ تخفیف کے لیے گرائی ہے اسی کا ترجمہ میری ہے۔ ⑦ فعل کے آخر میں یْ آئے تو درمیان میں نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| مَا لَيۡسَ لِىۡ بِهٖ عِلۡمٌ وَّاَنَا اَدۡعُوۡكُمۡ | جس کا مجھے کوئی علم نہیں اور میں بلاتا ہوں تمہیں |
| اِلَى الۡعَزِيۡزِ الۡغَفَّارِ ﴿42﴾ | خوب غالب بہت بخشنے والے (رب) کی طرف۔ ﴿42﴾ |
| لَا جَرَمَ اَنَّمَا | (اس میں) کوئی شک نہیں کہ یقیناً (وہ چیز کہ) |
| تَدۡعُوۡنَنِىۡۤ اِلَيۡهِ | تم بلاتے ہو مجھے اس کی طرف |
| لَيۡسَ لَهٗ دَعۡوَةٌ | نہیں ہے (درست) اس کے لیے پکارنا |
| فِى الدُّنۡيَا وَلَا فِى الۡاٰخِرَةِ | دنیا میں اور نہ آخرت میں |
| وَاَنَّ مَرَدَّنَاۤ اِلَى اللّٰهِ | اور بلاشبہ ہمارا لوٹنا اللہ کی طرف ہے |
| وَاَنَّ الۡمُسۡرِفِيۡنَ | اور یہ کہ بلاشبہ حد سے بڑھنے والے |
| هُمۡ اَصۡحٰبُ النَّارِ ﴿43﴾ | وہی آگ والے (یعنی دوزخی) ہیں۔ ﴿43﴾ |
| فَسَتَذۡكُرُوۡنَ مَاۤ اَقُوۡلُ لَـكُمۡ ؕ | پس عنقریب ضرور تم یاد کرو گے جو میں کہتا ہوں تم سے |
| وَاُفَوِّضُ اَمۡرِىۡۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ | اور میں سپرد کرتا ہوں اپنا معاملہ اللہ کی طرف |
| اِنَّ اللّٰهَ بَصِيۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ ﴿44﴾ | بلاشبہ اللہ خوب دیکھنے والا ہے (اپنے) بندوں کو۔ ﴿44﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| عِلۡمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ | اَصۡحٰبُ : صاحب، صحبت، صحابی، صحابہ۔ |
| اَدۡعُوۡكُمۡ : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔ | فَسَتَذۡكُرُوۡنَ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔ |
| اِلَى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ | مَاۤ : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔ |
| الۡغَفَّارِ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔ | اَقُوۡلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| تَدۡعُوۡنَنِىۡۤ : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔ | اُفَوِّضُ : تفویض کار (سپرد کرنا)۔ |
| فِى : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔ | اَمۡرِىۡۤ : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔ |
| مَرَدَّنَاۤ : رد، مردود، تردید، مرتد۔ | بَصِيۡرٌۢ : سمع و بصر، بصارت، علیٰ وجہ البصیرت۔ |
| الۡمُسۡرِفِيۡنَ : اسراف و تبذیر۔ | بِالۡعِبَادِ : عبد، عابد، معبود، عبادت۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | لَيْسَ | لِيْ | بِهٖ | عِلْمٌ ز (1) | وَّ | اَنَا اَدْعُوْكُمْ (2) |
| جس (کا) | نہیں | مجھ کو | اس کا | کوئی علم | اور | میں بلاتا ہوں تمہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلَى الْعَزِيْزِ (3) | الْغَفَّارِ (3) (42) | لَا جَرَمَ (4) | اَنَّمَا (5) |
| خوب غالب (رب) کی طرف | (جو) بہت بخشنے والے | (اس میں) کوئی شک نہیں | کہ یقیناً صرف |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تَدْعُوْنَنِيْٓ | اِلَيْهِ | لَيْسَ | لَهٗ | دَعْوَةٌ |
| تم سب بلاتے ہو مجھے | اس کی طرف | نہیں (ہے درست) | اس کے لیے | پکارنا |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي الدُّنْيَا | وَ | لَا | فِي الْاٰخِرَةِ | وَ | اَنَّ | مَرَدَّنَآ (6) |
| دنیا میں | اور | نہ | آخرت میں | اور | بلاشبہ | ہمارا لوٹنا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلَى اللّٰهِ | وَ | اَنَّ | الْمُسْرِفِيْنَ (7) | هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ (43) |
| اللہ کی طرف (ہے) | اور | (یہ کہ) یقیناً | سب حد سے بڑھنے والے | وہی آگ والے (دوزخی) ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَسَتَذْكُرُوْنَ (8) | مَآ | اَقُوْلُ | لَكُمْ ط | وَ | اُفَوِّضُ |
| پس عنقریب ضرور تم سب یاد کرو گے | جو | میں کہتا ہوں | تم سے | اور | میں سپرد کرتا ہوں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَمْرِيْٓ | اِلَى اللّٰهِ ط | اِنَّ اللّٰهَ | بَصِيْرٌۢ (3) | بِالْعِبَادِ (44) |
| اپنا معاملہ | اللہ کی طرف | بلاشبہ اللہ | خوب دیکھنے والا (ہے) | (اپنے) بندوں کو |

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② اَنَا اور اُ دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔ ③ فَعِيْلٌ اور فَعَّالٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اسکا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑤ اَنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ نَا اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ⑦ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ⑧ فعل کے شروع میں سَ میں عنقریب اور ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ | پھر بچا لیا اس (موسیٰ) کو اللہ نے (ان) برائیوں سے |
| مَا مَكَرُوْا | جو انہوں نے تدبیریں کیں |
| وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ | اور گھیر لیا آلِ فرعون کو |
| سُوْٓءُ الْعَذَابِ ﴿45﴾ | برے عذاب نے۔ ﴿45﴾ |
| اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ | (وہ عذاب) آگ ہے وہ پیش کیے جاتے ہیں |
| عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ | اس پر صبح و شام |
| وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۟ قف | اور جس دن قیامت قائم ہوگی |
| اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ | (کہا جائے گا) داخل کرو آلِ فرعون کو |
| اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿46﴾ | سخت ترین عذاب میں۔ ﴿46﴾ |
| وَاِذْ يَتَحَآجُّوْنَ | اور جب وہ آپس میں جھگڑ رہے ہوں گے |
| فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا | آگ میں تو کمزور لوگ کہیں گے |
| لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا | (ان) سے جو بڑے بنے ہوئے تھے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَوَقٰىهُ : تقویٰ، متقی۔
سَيِّاٰتِ : علمائے سوء، اعمالِ سیئہ، ظن سوء۔
مَكَرُوْا : مکر و فریب، مکار۔
سُوْٓءُ : علمائے سوء، اعمالِ سیئہ، ظن سوء۔
يُعْرَضُوْنَ : عرض، معروضات، عرضی نویس۔
عَلَيْهَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
عَشِيًّا : نماز عشاء، عشائیہ۔
يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔

تَقُوْمُ : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
السَّاعَةُ : ساعت، ساعات، آخری ساعتیں۔
اَدْخِلُوْٓا : دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔
اَشَدَّ : شدید، شدت، مشدد، تشدد۔
النَّارِ : یہ خاک کی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔
فَيَقُوْلُ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
الضُّعَفٰٓؤُا : ضعف، ضعیف، ضعفا۔
اسْتَكْبَرُوْٓا : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔

| فَوَقٰىهُ ① | اللّٰهُ | سَيِّاٰتِ ② | مَا | مَكَرُوْا |
|---|---|---|---|---|
| پھر بچا لیا اُسے | اللہ (نے) | (ان) برائیوں (سے) | جو | ان سب نے تدبیریں کیں |

| وَ | حَاقَ | بِاٰلِ فِرْعَوْنَ ③ | سُوْٓءُ الْعَذَابِ ج ﴿45﴾ |
|---|---|---|---|
| اور | گھیر لیا | آلِ فرعون کو | بُرے عذاب (نے) |

| اَلنَّارُ | يُعْرَضُوْنَ ④ | عَلَيْهَا | غُدُوًّا |
|---|---|---|---|
| (وہ عذاب) آگ (ہے) | وہ سب پیش کیے جاتے ہیں | اس پر | صبح |

| وَّ | عَشِيًّا ج | وَ | يَوْمَ | تَقُوْمُ ② | السَّاعَةُ ② قف |
|---|---|---|---|---|---|
| اور | شام (کو) | اور | (جس) دن | قائم ہوگی | قیامت |

| اَدْخِلُوْٓا | اٰلَ فِرْعَوْنَ | اَشَدَّ الْعَذَابِ ⑤ ﴿46﴾ | وَ |
|---|---|---|---|
| تم داخل کرو | آلِ فرعون (کو) | سخت ترین عذاب (میں) | اور |

| اِذْ | يَتَحَآجُّوْنَ ⑥ | فِي النَّارِ | فَيَقُوْلُ ① |
|---|---|---|---|
| جب | وہ سب آپس میں جھگڑ رہے ہوں گے | آگ میں | تو وہ کہیں گے |

| الضُّعَفٰٓؤُا ⑦ | لِلَّذِيْنَ | اسْتَكْبَرُوْٓا |
|---|---|---|
| کمزور لوگ | (ان) سے جو | سب بڑے بنے ہوئے تھے |

## ضروری وضاحت

① فَ کا ترجمہ کبھی سو، پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔② اسم کے آخر میں ات، ة اور فعل کے شروع میں تـ مؤنث کی علامتیں ہیں۔
③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔④ فعل کے شروع میں یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر
ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔⑤ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑥ فعل میں موجود
تـ اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔⑦ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا | بے شک ہم تو تھے تمہارے تابع |
| فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا | تو کیا تم ہٹانے والے ہو ہم سے |
| نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿47﴾ | آگ کا کچھ حصہ۔ ﴿47﴾ |
| قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا | کہیں گے (وہ لوگ) جو بڑے بنے ہوئے تھے |
| اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ ۙ | بے شک ہم سب ہی اس (آگ) میں ہیں |
| اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ | بلاشبہ اللہ نے یقیناً فیصلہ کردیا ہے |
| بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿48﴾ | بندوں کے درمیان۔ ﴿48﴾ |
| وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ | اور کہیں گے (وہ لوگ) جو آگ میں ہونگے |
| لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ | جہنم کے داروغوں سے |
| ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا | اپنے رب سے دعا کرو (کہ) وہ ہلکا کردے ہم سے |
| يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿49﴾ | ایک دن کچھ عذاب۔ ﴿49﴾ |
| قَالُوْٓا | (تو) وہ کہیں گے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| تَبَعًا | : اتباع، تابع، متبع سنت۔ | بَيْنَ | : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ |
| مِّنَ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | الْعِبَادِ | : عبد، عابد، معبود، عبادت۔ |
| النَّارِ | : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔ | وَ | : مال و دولت، عفو و درگزر، لازم و ملزوم۔ |
| قَالَ، قَالُوْٓا | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | ادْعُوْا | : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔ |
| اسْتَكْبَرُوْٓا | : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔ | رَبَّكُمْ | : ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔ |
| كُلٌّ | : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔ | يُخَفِّفْ | : خفیف، تخفیف، مخفف۔ |
| فِيْهَآ | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔ | يَوْمًا | : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔ |
| حَكَمَ | : حکم، احکام، حاکم، محکوم، حکومت۔ | الْعَذَابِ | : عذاب، عذاب الٰہی۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| إِنَّا | كُنَّا | لَكُمْ | تَبَعًا | فَهَلْ | أَنْتُمْ |
| بے شک ہم | ہم تھے | تمہارے لیے | تابع | تو کیا | تم |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مُّغْنُوْنَ ① | عَنَّا ② | نَصِيْبًا ③ | مِّنَ النَّارِ ﴿47﴾ |
| سب ہٹانے والے (ہو) | ہم سے | کچھ حصہ | آگ سے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| قَالَ ④ | الَّذِيْنَ | اسْتَكْبَرُوْٓا | إِنَّا |
| کہیں گے | (وہ لوگ) جو | سب بڑے بنے ہوئے تھے | بے شک ہم |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كُلٌّ | فِيْهَآ ۙ | إِنَّ ⑤ | اللّٰهَ | قَدْ ⑤ | حَكَمَ |
| سب (ہی) | اس (آگ) میں (ہیں) | بلاشبہ | اللہ نے | یقیناً | فیصلہ کر دیا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿48﴾ | وَقَالَ ④ | الَّذِيْنَ ⑥ | فِي النَّارِ |
| بندوں کے درمیان | اور کہیں گے | (وہ لوگ) جو | آگ میں ہونگے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لِخَزَنَةِ ⑦ جَهَنَّمَ | ادْعُوْا ⑧ | رَبَّكُمْ | يُخَفِّفْ |
| جہنم کے داروغوں سے | تم سب دعا کرو | اپنے رب سے | (کہ) وہ ہلکا کر دے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَنَّا ② | يَوْمًا ③ | مِّنَ الْعَذَابِ ﴿49﴾ | قَالُوْٓا ④ |
| ہم سے | کسی دن | عذاب سے | (تو) وہ سب کہیں گے |

### ضروری وضاحت

① مُغْنُوْنَ اصل میں مُغْنِيُوْنَ تھا گرامر کی رُو سے ی کی پیش نون کو دے کر ی کو گرایا گیا ہے۔ ② عَنَّا دراصل عَنْ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ قَالَ اور قَالُوْا فعل ماضی ہیں مستقبل میں ترجمہ ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑤ إِنَّ اسم کے شروع میں اور قَدْ فعل کے شروع میں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ⑥ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔ ⑦ یہاں ة واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ ⑧ فعل کے شروع میں أ اور آخر میں وْا میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ | اور (بھلا) کیا نہیں تھے آیا کرتے تمہارے پاس |
| رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ | تمہارے رسول واضح دلائل کے ساتھ |
| قَالُوْا بَلٰى ؕ | وہ کہیں گے ہاں کیوں نہیں |
| قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ | وہ کہیں گے تو تم (خود ہی) دعا کرو |
| وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ | اور نہیں ہوگی کافروں کی دعا |
| اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿50﴾ ع | مگر بے کار (اور بے اثر)۔ ﴿50﴾ ع |
| اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا | بے شک ہم ضرور مدد کرتے ہیں اپنے رسولوں کی |
| وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | اور (ان لوگوں کی) جو ایمان لائے |
| فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا | دنیاوی زندگی میں |
| وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ﴿51﴾ ۙ | اور اس دن (بھی جب) گواہ کھڑے ہوں گے۔ ﴿51﴾ |
| يَوْمَ لَا يَنْفَعُ | جس دن نہیں نفع دے گی |
| الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ | ظالموں کو ان کی معذرت |

ع 5 13 10

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

رُسُلُكُمْ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
بِالْبَيِّنٰتِ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
فَادْعُوْا : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔
الْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اِلَّا : اِلا ماشاء اللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
ضَلٰلٍ : ضلالت وگمراہی۔
لَنَنْصُرُ : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔

رُسُلَنَا : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔
اٰمَنُوْا : ایمان، مومن، امن۔
الْحَيٰوةِ : موت وحیات، حیاتی مماتی۔
يَقُوْمُ : قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
الْاَشْهَادُ : شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
يَنْفَعُ : نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔
الظّٰلِمِيْنَ : ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
مَعْذِرَتُهُمْ : عذر، معذرت، معذور۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَ ① | وَ | لَمْ | تَكُ ②③ | تَاْتِيْكُمْ ② |
| (بھلا) کیا | اور | نہیں | تھے | آیا کرتے تمہارے پاس |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رُسُلُكُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ ② ط | قَالُوْا ④ | بَلٰى ط |
| تمہارے رسول | واضح دلائل کے ساتھ | وہ سب کہیں گے | ہاں کیوں نہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا ④ | فَادْعُوْا ج | وَ | مَا ⑤ | دُعٰٓؤُا |
| وہ سب کہیں گے | تو تم سب (خود ہی) دعا کرو | اور | نہیں (ہوگی) | دعا |

ع 5 13 10

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْكٰفِرِيْنَ | اِلَّا | فِيْ ضَلٰلٍ ﴿50﴾ ع | اِنَّا | لَنَنْصُرُ |
| کافروں کی | مگر | بے کار میں | بے شک ہم | ضرور ہم مدد کرتے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رُسُلَنَا | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | فِي الْحَيٰوةِ ② الدُّنْيَا |
| اپنے رسولوں کی | اور | (ان لوگوں کی) جو | سب ایمان لائے | دنیوی زندگی میں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | يَوْمَ | يَقُوْمُ ⑥ | الْاَشْهَادُ ﴿51﴾ لا | يَوْمَ |
| اور | اس دن | کھڑے ہوں گے | گواہ | (جس) دن |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَا | يَنْفَعُ ⑦ | الظّٰلِمِيْنَ | مَعْذِرَتُهُمْ |
| نہیں | وہ نفع دے گی | ظالموں کو | ان کی معذرت |

### ضروری وضاحت

①أ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔②ة، ة، ات مؤنث کی علامتیں ہیں۔③تَكُ دراصل تَكُنْ تھا تخفیف کے لیے آخر سے نْ گرایا گیا ہے۔④قَالُوْا فعل ماضی ہے مستقبل میں ترجمہ ضرورتاً کیا گیا ہے۔⑤مَا کے بعد اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس مَا کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑥يَقُوْمُ واحد فعل ہے، کیونکہ اسکا تعلق الْاَشْهَادُ سے ہے جو کہ جمع ہے اس لیے ترجمہ جمع میں کیا گیا ہے۔⑦يَنْفَعُ مذکر فعل ہے، اس کا تعلق معذرت سے ہے اس لیے مؤنث میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ | اور ان کے لیے لعنت ہوگی |
| وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿52﴾ | اور ان کے لیے بُرا گھر ہوگا۔ ﴿52﴾ |
| وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى | اور بلا شبہ یقیناً ہم نے دی موسیٰ کو ہدایت |
| وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿53﴾ | اور ہم نے وارث بنایا بنی اسرائیل کو کتاب کا۔ ﴿53﴾ |
| هُدًى وَّ ذِكْرٰى | (جو) ہدایت اور نصیحت ہے |
| لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿54﴾ | عقل والوں کے لیے۔ ﴿54﴾ |
| فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ | تو آپ صبر کریں بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے |
| وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ | اور معافی مانگیے اپنے گناہ کی |
| وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ | اور تسبیح کرتے رہیے اپنے رب کی تعریف کیساتھ |
| بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿55﴾ | شام کو اور صبح (کو)۔ ﴿55﴾ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ | بے شک (وہ لوگ) جو جھگڑا کرتے ہیں |
| فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ | اللہ کی آیات میں |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اللَّعْنَةُ | : لعن طعن، لعنت، لعین، ملعون۔ | وَعْدَ | : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔ |
| سُوْٓءُ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔ | حَقٌّ | : حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔ |
| الدَّارِ | : دار فانی، دار الکتب، دیار غیر۔ | اسْتَغْفِرْ | : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔ |
| الْهُدٰى | : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔ | سَبِّحْ | : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔ |
| اَوْرَثْنَا | : وارث، وراثت، ورثاء۔ | بِحَمْدِ | : حمد و ثناء، حامد، محمود، حماد، حمید۔ |
| ذِكْرٰى | : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔ | بِالْعَشِيِّ | : نماز عشاء، عشائیہ۔ |
| لِاُولِي | : اولوا العزم، اولوا العلم، اولوا الارحام۔ | يُجَادِلُوْنَ | : جنگ و جدل، جدال، مجادلہ۔ |
| فَاصْبِرْ | : صبر جمیل، صبر و تحمل، صابر۔ | فِيْٓ اٰيٰتِ | : فی الحال، فی الحقیقت / آیت، آیات۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَهُمُ ① | اللَّعْنَةُ ② | وَ | لَهُمْ | سُوْٓءُ | الدَّارِ ﴿52﴾ |
| اور | ان کے لیے | لعنت (ہوگی) | اور | ان کے لیے | بُرا | گھر (ہوگا) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | لَقَدْ ③ | اٰتَيْنَا ④ | مُوْسَى | الْهُدٰى |
| اور | بلاشبہ یقیناً | ہم نے دی | موسیٰ (کو) | ہدایت |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | اَوْرَثْنَا ④ | بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | الْكِتٰبَ ﴿53﴾ لا |
| اور | ہم نے وارث بنایا | بنی اسرائیل (کو) | کتاب (کا) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| هُدًى | وَّ | ذِكْرٰى ② | لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿54﴾ |
| (جو) ہدایت | اور | نصیحت (ہے) | عقل والوں کے لیے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاصْبِرْ ⑤ | اِنَّ ③ | وَعْدَ اللّٰهِ | حَقٌّ | وَّ | اسْتَغْفِرْ ⑥ |
| تو آپ صبر کیجیے | بے شک | اللہ کا وعدہ | سچا (ہے) | اور | آپ معافی مانگیے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِذَنْۢبِكَ ⑦⑧ | وَ | سَبِّحْ | بِحَمْدِ | رَبِّكَ ⑧ | بِالْعَشِيِّ |
| اپنے گناہ کی | اور | تسبیح کرتے رہیے | تعریف کیساتھ | اپنے رب کی | شام کو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَالْاِبْكَارِ ﴿55﴾ | اِنَّ ③ | الَّذِيْنَ | يُجَادِلُوْنَ | فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ② |
| اور صبح (کو) | بے شک | وہ (لوگ) جو | وہ سب جھگڑا کرتے ہیں | اللہ کی آیات میں |

## ضروری وضاحت

① لَهُمُ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہوگیا ہے۔② اسم کے آخر میں ۃ، ات اور ۔ٰی مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ لَ اور قَدْ اور اِنَّ تینوں تاکید کی علامتیں ہیں۔④ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑤ فَ کا ترجمہ پس، تو اور پھر ہوتا ہے۔⑥ فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔⑧ اسم کے آخر میں كَ کا ترجمہ تیرا یا اپنا کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ | بغیر کسی دلیل کے (جو) آئی ہو ان کے پاس |
| اِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ | نہیں ہے ان کے سینوں میں |
| اِلَّا كِبْرٌ | مگر بڑائی (اپنے آپ کو بڑا سمجھنا) |
| مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ ۚ | نہیں ہیں وہ ہرگز پہنچنے والے اس (بڑائی) کو |
| فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ | سو آپ پناہ مانگیے اللہ سے |
| اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ | بے شک وہی خوب سننے والا |
| الْبَصِيْرُ ﴿56﴾ | سب کچھ دیکھنے والا ہے۔ ﴿56﴾ |
| لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ | یقیناً آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا |
| اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ | زیادہ بڑا (کام) ہے لوگوں کے پیدا کرنے سے |
| وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ | اور لیکن اکثر لوگ |
| لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿57﴾ | نہیں جانتے۔ ﴿57﴾ |
| وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ | اور نہیں برابر ہوتا اندھا اور دیکھنے والا |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| بِغَيْرِ : دیارِ غیر، غیر اللہ۔ | لَخَلْقُ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔ |
| سُلْطٰنٍ : سلطان، سلطانی گواہ، سلطنت۔ | السَّمٰوٰتِ : ارض و سماء، قطعہ اراضی، ارضِ مقدس۔ |
| صُدُوْرِهِمْ : صدری علم، شرح صدر، ضیق الصدر۔ | النَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔ |
| كِبْرٌ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔ | اَكْثَرَ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔ |
| بِبَالِغِيْهِ : بالغ، بلوغ، بلوغت، ابلاغ، مبلغ۔ | لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب۔ |
| فَاسْتَعِذْ : تعویذ، معاذ اللہ، تعوذ۔ | يَعْلَمُوْنَ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ |
| السَّمِيْعُ : سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفل سماع، سامع۔ | يَسْتَوِي : مستوی، استواء، مساوی، مساوات۔ |
| الْبَصِيْرُ : سمع و بصر، بصارت، علیٰ وجہ البصیرت۔ | الْبَصِيْرُ : سمع و بصر، بصارت، علیٰ وجہ البصیرت۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بِغَيۡرِ سُلۡطٰنٍ | اَتٰىهُمۡ ؕ | اِنۡ ① | فِىۡ صُدُوۡرِهِمۡ |
| بغیر کسی دلیل کے | (جو) آئی ہو ان کے پاس | نہیں (ہے) | ان کے سینوں میں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | كِبۡرٌ | مَّا | هُمۡ | بِبَالِغِيۡهِ ۚ ② |
| مگر | بڑائی | نہیں (ہیں) | وہ | ہرگز پہنچنے والے اس (بڑائی) کو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاسۡتَعِذۡ ③ | بِاللّٰهِ ؕ ④ | اِنَّهٗ | هُوَ السَّمِيۡعُ ⑤⑥ | الۡبَصِيۡرُ ⑥ ﴿56﴾ |
| سو آپ پناہ مانگیے | اللہ سے | بے شک وہ | ہی خوب سننے والا | سب کچھ دیکھنے والا (ہے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَخَلۡقُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الۡاَرۡضِ | اَكۡبَرُ ⑦ |
| یقیناً پیدا کرنا | آسمانوں | اور | زمین (کا) | زیادہ بڑا (کام ہے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنۡ خَلۡقِ | النَّاسِ | وَ | لٰكِنَّ | اَكۡثَرَ ⑦ |
| پیدا کرنے سے | لوگوں کے | اور | لیکن | اکثر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسِ | لَا | يَعۡلَمُوۡنَ ⑧ ﴿57﴾ | وَ | مَا | يَسۡتَوِى |
| لوگ | نہیں | وہ سب جانتے | اور | نہیں | وہ برابر ہو سکتا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الۡاَعۡمٰى | وَ | الۡبَصِيۡرُ ۙ | وَ | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا |
| اندھا | اور | دیکھنے والا | اور | (وہ لوگ) جو | وہ سب ایمان لائے |

**ضروری وضاحت**

① اِنۡ کے بعد اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنۡ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔② مَا کے بعد اسی جملے میں بِ ہو تو اس بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③ اِسۡتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو ہوتا ہے۔⑤ هُوَ کے بعد اَلۡ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ فَعِيۡلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑧ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وۡنَ میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے

| | |
|---|---|
| وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | اور (وہ لوگ) جو ایمان لائے |
| وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ | اور انہوں نے نیک عمل کیے |
| وَلَا الْمُسِيْٓءُ ؕ | اور نہ برائی کرنے والا (برابر ہو سکتے ہیں) |
| قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿58﴾ | بہت کم تم نصیحت حاصل کرتے ہو۔ ﴿58﴾ |
| اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ | بے شک قیامت یقیناً آنے والی ہے |
| لَّا رَيْبَ فِيْهَا | اس میں کوئی شک نہیں |
| وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿59﴾ | اور لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ ﴿59﴾ |
| وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ | اور فرمایا تمہارے رب نے تم مجھے پکارو |
| اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ | میں قبول کروں گا تمہاری (دعا، پکار) کو |
| اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ | بیشک (وہ لوگ) جو تکبر کرتے ہیں میری عبادت سے |
| سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿60﴾ ع | عنقریب وہ داخل ہوں گے جہنم میں ذلیل ہو کر۔ ﴿60﴾ |
| اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ | اللہ (وہ ہے) جس نے بنایا تمہارے لیے رات کو |

ع 10 11

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | : ایمان، مومن، امن۔ | اَكْثَرَ | : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔ |
| عَمِلُوْا | : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔ | النَّاسِ | : عوام الناس، بعض الناس، عامۃ الناس۔ |
| الصّٰلِحٰتِ | : اصلاح، اعمال صالحہ۔ | يُؤْمِنُوْنَ | : ایمان، مومن، امن۔ |
| الْمُسِيْٓءُ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ، ظن سوء۔ | ادْعُوْنِيْٓ | : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔ |
| قَلِيْلًا | : قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔ | اَسْتَجِبْ | : مستجاب الدعاء، استجابت، جواب۔ |
| تَتَذَكَّرُوْنَ | : ذکر، اذکار، تذکرہ، تذکیر۔ | يَسْتَكْبِرُوْنَ | : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔ |
| السَّاعَةَ | : ساعت، ساعات، آخری ساعتیں۔ | سَيَدْخُلُوْنَ | : دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔ |
| رَيْبَ | : کتاب لاریب، ریب وتردد۔ | الَّيْلَ | : لیل ونہار، لیلۃ القدر۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ ① | وَ | لَا | الْمُسِيْٓءُ ؕ |
| اور | انہوں نے عمل کیے | نیک | اور | نہ | برائی کرنے والا (برابر ہوسکتے ہیں) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| قَلِيْلًا مَّا ② | تَتَذَكَّرُوْنَ ③ ﴿58﴾ | اِنَّ | السَّاعَةَ ① |
| بہت ہی کم | تم سب نصیحت حاصل کرتے ہو | بے شک | قیامت |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَاٰتِيَةٌ ① | لَّا رَيْبَ | فِيْهَا | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَ |
| یقیناً آنے والی ہے | کوئی شک نہیں | اس میں | اور | لیکن | اکثر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| النَّاسِ | لَا يُؤْمِنُوْنَ ④ ﴿59﴾ | وَ | قَالَ | رَبُّكُمُ ⑤ |
| لوگ | وہ سب ایمان نہیں لاتے | اور | فرمایا | تمہارے رب نے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ادْعُوْنِيْٓ ⑥ | اَسْتَجِبْ | لَكُمْ ؕ | اِنَّ | الَّذِيْنَ |
| تم سب مجھے پکارو | میں قبول کروں گا | تمہاری (دعا، پکار) کو | بے شک | (وہ لوگ) جو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَسْتَكْبِرُوْنَ | عَنْ عِبَادَتِيْ | سَيَدْخُلُوْنَ ⑦ | جَهَنَّمَ |
| وہ سب تکبر کرتے ہیں | میری عبادت سے | عنقریب ضرور وہ سب داخل ہوں گے | جہنم (میں) |

ع 6 10 11

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دٰخِرِيْنَ ﴿60﴾ ع | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الَّيْلَ |
| ذلیل ہوکر | اللہ (وہ ہے) | جس نے | بنایا | تمہارے لیے | رات (کو) |

### ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں۔② مَا زائد ہے اور قلت میں تاکید کے لیے آیا ہے۔③علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔④لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔
⑤فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اسکا فاعل ہوتا ہے۔⑥فعل کے آخر میں یْ لگائی ہو تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔⑦فعل کے شروع میں سَ میں عنقریب اور ضرور کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ | تا کہ تم آرام کرو اس میں |
| وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ | اور دن کو روشن (تا کہ تم کام کرو اس میں) |
| اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ | بیشک اللہ یقیناً (بڑے) فضل والا ہے |
| عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ | لوگوں پر اور لیکن اکثر لوگ |
| لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿61﴾ | شکر نہیں کرتے۔ ﴿61﴾ |
| ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ | یہی ہے اللہ تمہارا رب |
| خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۘ | ہر چیز کا پیدا کرنے والا |
| لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ | نہیں ہے کوئی (سچا) معبود مگر وہی |
| فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿62﴾ | تو کہاں تم بہکائے جاتے ہو۔ ﴿62﴾ |
| كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ | اسی طرح بہکائے جاتے تھے (وہ لوگ) جو |
| كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿63﴾ | اللہ کی آیات کا انکار کیا کرتے تھے۔ ﴿63﴾ |
| اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ | اللہ (وہ ہے) جس نے بنایا تمہارے لیے زمین کو |

وقف لازم

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِتَسْكُنُوْا : سکون، سکینت۔
النَّهَارَ : نہار منہ، لیل و نہار۔
مُبْصِرًا : سمع و بصر، بصارت، مبصر، تبصرہ۔
لَذُوْ فَضْلٍ : ذوالحجہ، ذومعنی / فضل، فضیلت، افضل۔
عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
النَّاسِ : عوام الناس، بعض الناس، عامۃ الناس۔
لٰكِنَّ : لیکن۔
اَكْثَرَ : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔

يَشْكُرُوْنَ : شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔
خَالِقُ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
كُلِّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
شَيْءٍ : شے، اشیاء، اشیائے خوردونوش۔
اِلَّا : اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔
كَذٰلِكَ : کالعدم تنظیمیں، کماحقہ۔
بِاٰيٰتِ : آیت، آیات، قرآنی آیات۔
الْاَرْضَ : ارض و سماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِتَسْكُنُوْا ① | فِيْهِ | وَ | النَّهَارَ | مُبْصِرًا ؕ |
| تاکہ تم سب آرام کرو | اس میں | اور | دن (کو) | روشن |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ ② | اللّٰهَ | لَذُوْ فَضْلٍ ② | عَلَى النَّاسِ | وَ | لٰكِنَّ |
| بے شک | اللہ | یقیناً فضل والا (ہے) | لوگوں پر | اور | لیکن |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿61﴾ | ذٰلِكُمْ ③ | اللّٰهُ |
| اکثر | لوگ | وہ سب شکر نہیں کرتے | یہی ہے | اللہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبُّكُمْ | خَالِقُ ④ | كُلِّ شَيْءٍ ۘ | لَآ اِلٰهَ ⑤ | اِلَّا هُوَ ۫ ۚ |
| تمہارا رب | پیدا کرنے والا | ہر چیز (کا) | نہیں (ہے) کوئی (سچا) معبود | مگر وہی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَاَنّٰى ⑥ | تُؤْفَكُوْنَ ⑦ ﴿62﴾ | كَذٰلِكَ | يُؤْفَكُ ⑦ |
| تو کہاں | تم سب بہکائے جاتے ہو | اسی طرح | بہکائے جاتے تھے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَانُوْا | بِاٰيٰتِ اللّٰهِ | يَجْحَدُوْنَ ﴿63﴾ |
| (وہ لوگ) جو | تھے وہ سب | اللہ کی آیات کا | وہ سب انکار کیا کرتے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَللّٰهُ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الْاَرْضَ |
| اللہ (وہ ہے) | جس نے | بنایا | تمہارے لیے | زمین (کو) |

ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ② اِنَّ اور لَ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ③ جن کے لیے اشارہ کیا جارہا ہو وہ دو سے زیادہ ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔ ④ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑤ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس لَا کا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑥ لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو یا پھر ہوتا ہے۔ ⑦ علامت تُ اور یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

وقف لازم

| | |
|---|---|
| قَرَارًا وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً | قرارگاہ اور آسمان کو چھت (بنایا) |
| وَّ صَوَّرَكُمْ | اور اس نے تمہاری صورتیں بنائیں |
| فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ | تو بہت اچھی بنائیں تمہاری صورتیں |
| وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ | اور اس نے تمہیں رزق دیا پاکیزہ چیزوں سے |
| ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ | یہ اللہ تمہارا رب ہے |
| فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ | پس بہت برکت والا ہے اللہ |
| رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿64﴾ | (جو) تمام جہانوں کا رب ہے۔﴿64﴾ |
| هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ | وہی زندہ ہے کوئی معبود نہیں مگر وہی |
| فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ | پس تم اسے پکارو خالص کرتے ہوئے |
| لَهُ الدِّيْنَ ؕ | اس کے لیے دین (بندگی) کو |
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ | سب تعریف اللہ کے لیے ہے |
| رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿65﴾ | (جو) تمام جہانوں کا رب ہے۔﴿65﴾ |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| قَرَارًا | قرارگاہ، سکون و قرار، بے قراری۔ | اِلٰهَ | الٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔ |
| السَّمَآءَ | ارض و سماء، کتبِ سماویہ، سماوی آفات۔ | اِلَّا | اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔ |
| صَوَّرَكُمْ | شکل و صورت، مصور، تصویر۔ | فَادْعُوْهُ | دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔ |
| فَاَحْسَنَ | احسن الجزاء، حسن، احسان، محسن۔ | مُخْلِصِيْنَ | خلوص، اخلاص، مخلص۔ |
| رَزَقَكُمْ | رزق، رزّاق، رازق۔ | الدِّيْنَ | دینِ حنیف، دین و دنیا، دین و دانش۔ |
| الطَّيِّبٰتِ | طیب و طاہر، مدینہ طیبہ، کلمہ طیبہ۔ | اَلْحَمْدُ | حمد و ثناء، حامد، محمود۔ |
| فَتَبٰرَكَ | برکت، برکات، مبارک، تبرک۔ | رَبِّ | ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔ |
| الْحَيُّ | حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔ | الْعٰلَمِيْنَ | عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قَرَارًا | وَّ | السَّمَآءَ | بِنَآءً | وَّ |
| قرارگاہ | اور | آسمان (کو) | چھت (بنایا) | اور |

| | | |
|---|---|---|
| صَوَّرَكُمْ ① | فَاَحْسَنَ ② | صُوَرَكُمْ ① |
| اس نے شکل دی تمہیں | تو بہت اچھی بنائیں | تمہاری صورتیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | رَزَقَكُمْ ① | مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ | ذٰلِكُمُ | اللّٰهُ |
| اور | اس نے رزق دیا تمہیں | پاکیزہ چیزوں سے | یہ | اللہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَبُّكُمْ ۚۖ ① | فَتَبٰرَكَ ②③ | اللّٰهُ | رَبُّ |
| تمہارا رب (ہے) | سو بہت برکت والا ہے | اللہ | (جو) رب (ہے) |

| | | |
|---|---|---|
| الْعٰلَمِيْنَ ﴿64﴾ | هُوَ الْحَيُّ ④ | لَآ اِلٰهَ ⑤ |
| تمام جہانوں (کا) | وہی زندہ ہے | کوئی معبود نہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلَّا | هُوَ | فَادْعُوْهُ ②⑥ | مُخْلِصِيْنَ ⑦ |
| مگر | وہی | پس تم سب پکارو اُسے | (اس حال میں کہ) خالص کرنے والے (ہو) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَهُ ⑧ | الدِّيْنَ ؕ | اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ |
| اس کے لیے | دین (بندگی کو) | سب تعریف | اللہ کے لیے (ہے) |

### ضروری وضاحت

① فعل کے آخر میں کُمْ کا ترجمہ تمہیں اور اسم کے آخر میں ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے کیا جاتا ہے۔② فَ کا ترجمہ پس، تو اور پھر ہوتا ہے۔③ علامت تَ اور ا میں مبالغے کا مفہوم ہے۔④ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس لَا کا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔⑥ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اسکا ا گر جاتا ہے۔⑦ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑧ لَهُ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کیا گیا ہے

| | |
|---|---|
| قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ | آپ کہہ دیجیے بے شک میں روک دیا گیا ہوں |
| اَنْ اَعْبُدَ | کہ میں عبادت کروں (ان کی) |
| الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ | جنہیں تم پکارتے ہو اللہ کے سوا |
| لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ | جب کہ آ گئیں میرے پاس واضح دلیلیں |
| مِنْ رَّبِّيْ ز | میرے رب کی طرف سے |
| وَاُمِرْتُ | اور میں حکم دیا گیا ہوں |
| اَنْ اُسْلِمَ | کہ میں فرمانبردار ہو جاؤں |
| لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿66﴾ | تمام جہانوں کے رب کا۔ ﴿66﴾ |
| هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ | (اللہ) وہی ہے جس نے پیدا کیا تمہیں مٹی سے |
| ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ | پھر ایک نطفے (قطرے) سے |
| ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ | پھر ایک جمے ہوئے خون سے |
| ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا | پھر وہ نکالتا ہے تمہیں بچے کی صورت میں |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| قُلْ | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | اُسْلِمَ | : مسلم، مسلمان، اسلام، تسلیم۔ |
| نُهِيْتُ | : نہی عن المنکر، منہیات، اوامر و نواہی۔ | لِرَبِّ | : رب، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔ |
| اَعْبُدَ | : عبد، عابد، معبود، عبادت۔ | الْعٰلَمِيْنَ | : عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔ |
| تَدْعُوْنَ | : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔ | خَلَقَكُمْ | : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔ |
| مِنْ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | تُرَابٍ | : تربت۔ |
| الْبَيِّنٰتُ | : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ | نُّطْفَةٍ | : نطفہ، گندا نطفہ۔ |
| وَ | : مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔ | يُخْرِجُكُمْ | : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔ |
| اُمِرْتُ | : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔ | طِفْلًا | : طفل مکتب، روضۃ الاطفال۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَبِّ | الْعٰلَمِیْنَ ﴿65﴾ | قُلْ ① | اِنِّیْ نُهِیْتُ ② |
| (جو) رب (ہے) | تمام جہانوں کا | آپ کہہ دیجیے | بیشک میں روک دیا گیا ہوں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَنْ | اَعْبُدَ | الَّذِیْنَ | تَدْعُوْنَ |
| کہ | میں عبادت کروں | (ان کی) جنہیں | تم سب پکارتے ہو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ③ | لَمَّا | جَآءَنِیَ ④ | الْبَیِّنٰتُ ⑤ |
| اللہ کے سوا | جب کہ | آ گئیں میرے پاس | واضح دلیلیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنْ رَّبِّیْ ز | وَ | اُمِرْتُ ⑥ | اَنْ | اُسْلِمَ |
| میرے رب (کی طرف) سے | اور | میں حکم دیا گیا ہوں | کہ | میں فرمانبردار ہو جاؤں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿66﴾ | هُوَ | الَّذِیْ | خَلَقَكُمْ ⑦ |
| تمام جہانوں کے رب کا | (اللہ) وہی (ہے) | جس نے | پیدا کیا تمہیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِّنْ تُرَابٍ | ثُمَّ | مِنْ نُّطْفَةٍ ⑤⑧ | ثُمَّ |
| مٹی سے | پھر | ایک نطفے (قطرے) سے | پھر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنْ عَلَقَةٍ ⑤⑧ | ثُمَّ | یُخْرِجُكُمْ ⑦ | طِفْلًا |
| ایک جمے ہوئے خون سے | پھر | وہ نکالتا ہے تمہیں | بچے (کی صورت میں) |

ضروری وضاحت

① قُلْ قَوْلٌ سے بنا ہے، پڑھنے میں آسانی کے لیے و کو گرا دیا گیا ہے۔ ② یْ اور تُ دونوں کا ملا کر ترجمہ میں کیا گیا ہے۔ ③ اگر مِنْ کے بعد لفظ دُوْنَ ہو تو مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ④ فعل کے آخر میں یْ لگانی ہو تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ ⑤ ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ⑥ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔ ⑧ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ | پھر تاکہ تم پہنچ جاؤ اپنی جوانی کو |
| ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ | پھر تاکہ تم ہو جاؤ بوڑھے |
| وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى | اور تم میں سے (کوئی تو ایسا ہے) جو فوت کیا جاتا ہے |
| مِنْ قَبْلُ | اس سے پہلے (ہی) |
| وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى | اور تاکہ تم پہنچ جاؤ (موت کے) ایک مقرر وقت کو |
| وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿67﴾ | اور تاکہ تم سمجھو۔ ﴿67﴾ |
| هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ | (اللہ) وہ ہے جو زندگی دیتا ہے اور وہ موت دیتا ہے |
| فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا | پھر جب وہ فیصلہ کرتا ہے کسی کام کا |
| فَاِنَّمَا يَقُوْلُ | تو بے شک صرف وہ کہتا ہے |
| لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿68﴾ ع | اس سے ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے۔ ﴿68﴾ |
| اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ | کیا آپ نے نہیں دیکھا (ان لوگوں کو) جو |
| يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ | جھگڑتے ہیں اللہ کی آیات کے بارے میں |

ع 7 8 12

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| لِتَبْلُغُوْٓا | : بالغ، بلوغ، بلوغت، ابلاغ، مبلغ۔ | يُمِيْتُ | : موت وحیات، حیاتی مماتی۔ |
| اَشُدَّكُمْ | : شدید، شدت، مشدد، تشدد۔ | قَضٰٓى | : قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔ |
| يُّتَوَفّٰى | : فوت، وفات، فوتیدگی۔ | اَمْرًا | : امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔ |
| قَبْلُ | : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔ | يَقُوْلُ | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| اَجَلًا | : اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔ | تَرَ | : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔ |
| مُّسَمًّى | اسم با مسمّٰی، مسماۃ۔ | اِلَى | : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ |
| تَعْقِلُوْنَ | : عقل، عاقل، معقول۔ | يُجَادِلُوْنَ | : جنگ وجدل، جدال۔ |
| يُحْيٖ | : حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔ | اٰيٰتِ | : آیت، آیات، قرآنی آیات۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | لِتَبْلُغُوْٓا ① | اَشُدَّكُمْ | ثُمَّ | لِتَكُوْنُوْا ① |
| پھر | تاکہ تم سب پہنچ جاؤ | اپنی جوانی کو | پھر | تاکہ تم سب ہو جاؤ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شُيُوْخًا ج | وَ ② | مِنْكُمْ | مَّنْ ③ | يُّتَوَفّٰى ④ |
| بوڑھے | اور | تم میں سے (کوئی تو ایسا ہے) | جو | فوت کیا جاتا ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلُ | وَ ② | لِتَبْلُغُوْٓا ① | اَجَلًا مُّسَمًّى ⑤ |
| (اس) سے پہلے (ہی) | اور | تاکہ تم سب پہنچ جاؤ | (موت کے) ایک مقرر وقت (کو) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَّ ② | لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ⑥ (67) | هُوَ | الَّذِىْ | يُحْىٖ |
| اور | تاکہ تم سب سمجھو | (اللہ) وہ (ہے) | جو | وہ زندگی دیتا ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ ② | يُمِيْتُ ج | فَاِذَا | قَضٰٓى | اَمْرًا ⑤ |
| اور | وہ موت دیتا ہے | پھر جب | وہ فیصلہ کرلے | کسی کام کا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّمَا ⑦ | يَقُوْلُ | لَهٗ | كُنْ | فَيَكُوْنُ ع (68) |
| تو بے شک صرف | وہ کہتا ہے | اس سے | ہو جا! | تو وہ ہو جاتا ہے |

ع 7/8/12

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلَمْ تَرَ ⑧ | اِلَى الَّذِيْنَ | يُجَادِلُوْنَ | فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ط |
| کیا آپ نے نہیں دیکھا | (اُن) کی طرف جو | وہ سب جھگڑتے ہیں | اللہ کی آیات (کے بارے) میں |

**ضروری وضاحت**

① فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ② وَ کا ترجمہ عموماً اور کبھی اس حال میں کہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔ ③ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس کیا جاتا ہے۔ ④ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ كُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔ ⑦ اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یا بس کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑧ لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ﴿69﴾ | کہاں وہ پھیرے جاتے ہیں۔ ﴿69﴾ |
| اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ | (وہ لوگ) جنہوں نے جھٹلایا کتاب (قرآن) کو |
| وَبِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ | اور اس (وحی) کو جس کے ساتھ ہم نے بھیجا |
| رُسُلَنَا ۛ | اپنے رسولوں کو |
| فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿70﴾ | تو عنقریب وہ جان لیں گے۔ ﴿70﴾ |
| اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ | جب طوق ان کی گردنوں میں ہونگے |
| وَالسَّلٰسِلُ ؕ يُسْحَبُوْنَ ﴿71﴾ | اور زنجیریں (ہونگی) وہ گھسیٹے جائیں گے۔ ﴿71﴾ |
| فِي الْحَمِيْمِ ۙ | کھولتے پانی میں |
| ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ﴿72﴾ | پھر آگ میں وہ جلائے جائیں گے۔ ﴿72﴾ |
| ثُمَّ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ | پھر ان سے کہا جائے گا کہاں ہیں |
| مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿73﴾ | وہ جن کو تم شریک ٹھہراتے تھے؟۔ ﴿73﴾ |
| مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا | اللہ کے سوا، وہ کہیں گے وہ گم ہوگئے ہم سے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| كَذَّبُوْا | : کذب بیانی، کذاب، کاذب، تکذیب۔ | فِي | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔ |
| بِالْكِتٰبِ | : کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔ | النَّارِ | : یہ خاک اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔ |
| وَ | : مال ودولت، شان وشوکت، عفوودرگزر۔ | قِيْلَ | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| بِمَآ | : ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔ | تُشْرِكُوْنَ | : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔ |
| اَرْسَلْنَا، رُسُلَنَا | : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ | مِنْ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ |
| بِهٖ | : بالمقابل، بسبب، بالکل۔ | قَالُوْا | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| يَعْلَمُوْنَ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ | ضَلُّوْا | : ضلالت وگمراہی۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَنّٰى | يُصْرَفُوْنَ ① (69) | اَلَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا |
| کہاں | وہ سب پھیرے جاتے ہیں | (وہ لوگ) جن | سب نے جھٹلایا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِالْكِتٰبِ ② | وَ | بِمَآ ② | اَرْسَلْنَا ③ | بِهٖ ② |
| کتاب (قرآن) کو | اور | جس کو | ہم نے بھیجا | اس (وحی) کے ساتھ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رُسُلَنَا ③ | فَسَوْفَ | يَعْلَمُوْنَ (70) | اِذِ | الْاَغْلٰلُ |
| اپنے رسولوں کو | تو عنقریب | وہ سب جان لیں گے | جب | طوق (ہونگے) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ | وَ | السَّلٰسِلُ | يُسْحَبُوْنَ ① (71) |
| ان کی گردنوں میں | اور | زنجیریں | وہ سب گھسیٹے جائیں گے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِي الْحَمِيْمِ | ثُمَّ | فِي النَّارِ | يُسْجَرُوْنَ ① (72) |
| کھولتے پانی میں | پھر | آگ میں | وہ سب جلائے جائیں گے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | قِيْلَ ④⑤ | لَهُمْ ⑥ | اَيْنَ | مَا | كُنْتُمْ | تُشْرِكُوْنَ (73) |
| پھر | کہا جائے گا | ان سے | کہاں (ہیں وہ) | جن کو | تم تھے | سب شریک ٹھہراتے؟ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ | قَالُوْا ④ | ضَلُّوْا | عَنَّا |
| اللہ کے سوا | وہ سب کہیں گے | وہ سب گم ہو گئے | ہم سے |

**ضروری وضاحت**

① فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔ ② بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ کیا جاتا ہے۔ ③ فعل کے آخر میں نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے اور اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ہمارا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ④ یہ فعل ماضی ہے مستقبل میں ترجمہ ضرورتاً کیا گیا ہے۔ ⑤ قِيْلَ اصل میں قُوِلَ تھا، گرامر کے اصول کیمطابق وَ کو ی سے بدلا گیا ہے۔ ⑥ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا | بلکہ نہیں تھے ہم پکارتے |
| مِنْ قَبْلُ شَيْـًٔا ؕ | اس سے پہلے کسی چیز کو |
| كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿74﴾ | اسی طرح اللہ گمراہ کرتا ہے کافروں کو۔ ﴿74﴾ |
| ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ | یہ (عذاب) اس وجہ سے ہے کہ تم اتراتے تھے |
| فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ | زمین میں بغیر حق کے |
| وَ بِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿75﴾ ج | اور اس وجہ سے کہ تم اکڑتے تھے۔ ﴿75﴾ |
| اُدْخُلُوْۤا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ | (اب) تم داخل ہو جاؤ جہنم کے دروازوں میں |
| خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ | ہمیشہ رہنے والے ہو اس میں |
| فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿76﴾ | پس برا ہے تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا۔ ﴿76﴾ |
| فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ | تو آپ صبر کیجئے بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے |
| فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ | پھر اگر واقعی ہم دکھا دیں آپ کو |
| بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ | (اس عذاب کا) کچھ حصہ جسکا ہم وعدہ کرتے ہیں اُن سے |

**قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت**

| | |
|---|---|
| بَلْ : بلکہ۔ | الْاَرْضِ : ارض وسماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔ |
| نَدْعُوْا : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔ | اُدْخُلُوْۤا : دخل، داخل، داخلہ، مداخلت۔ |
| قَبْلُ : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔ | خٰلِدِيْنَ : خالد، خلد بریں۔ |
| شَيْـًٔا : شے، اشیاء، اشیائے خورد و نوش۔ | الْمُتَكَبِّرِيْنَ : متکبر، کبیر، اکبر، تکبر۔ |
| كَذٰلِكَ : کما حقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔ | فَاصْبِرْ : صبر جمیل، صبر و تحمل، صابر۔ |
| يُضِلُّ : ضلالت و گمراہی۔ | وَعْدَ، نَعِدُهُمْ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔ |
| الْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ | نُرِيَنَّكَ : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔ |
| تَفْرَحُوْنَ : فرحت، مفرح قلب، تفریح۔ | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بَلْ | لَمْ نَكُنْ | نَّدْعُوْا | مِنْ قَبْلُ | شَيْـًٔا ط ① |
| بلکہ | نہیں تھے ہم | ہم سب پکارتے | (اس) سے پہلے | کسی چیز (کو) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كَذٰلِكَ | يُضِلُّ | اللّٰهُ ② | الْكٰفِرِيْنَ (74) | ذٰلِكُمْ ③ |
| اسی طرح | وہ گمراہ کرتا ہے | اللہ | سب کافروں (کو) | یہ (عذاب) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بِمَا | كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ ④ | فِي الْاَرْضِ | بِغَيْرِ الْحَقِّ |
| اس وجہ سے ہے کہ | تھے تم سب خوشیاں مناتے (اتراتے) | زمین میں | بغیر حق کے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | بِمَا | كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ④ ج (75) | اُدْخُلُوْٓا ⑤ |
| اور | اس وجہ سے کہ | تم سب اکڑتے تھے | (اب) تم سب داخل ہو جاؤ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَبْوَابَ جَهَنَّمَ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا ج | فَبِئْسَ ⑥ |
| جہنم کے دروازوں (میں) | ہمیشہ رہنے والے (ہو) | اس میں | پس برا ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَثْوَى | الْمُتَكَبِّرِيْنَ (76) | فَاصْبِرْ ⑥ | اِنَّ | وَعْدَ اللّٰهِ | حَقٌّ ج |
| ٹھکانا | سب تکبر کرنے والوں (کا) | تو آپ صبر کیجیے | بیشک | اللہ کا وعدہ | سچا (ہے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاِمَّا ⑥⑦ | نُرِيَنَّكَ ⑧ | بَعْضَ | الَّذِيْ | نَعِدُهُمْ |
| پھر اگر | ہم واقعی دکھا دیں آپکو | (اس عذاب کا) کچھ حصہ | جسکا | ہم وعدہ کرتے ہیں ان سے |

## ضروری وضاحت

①ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔②فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اسکا فاعل ہوتا ہے۔③جن کے لیے اشارہ کیا جا رہا ہو وہ دو سے زیادہ ہوں تو یہ ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے۔④یہاں تُمْ اور تَ دونوں کا ملا کر ترجمہ تم کیا گیا ہے۔⑤فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥لفظ کے شروع میں فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر اور کبھی سو ہوتا ہے۔⑦اِمَّا دراصل اِنْ + مَا کا مجموعہ ہے اِنْ کا معنی اگر اور مَا یہاں زائد ہے۔⑧فعل کے آخر میں نَّ تاکید کی علامت ہے۔

| | |
|---|---|
| اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ | یا ہم ضرور فوت کر دیں آپ کو (اس سے پہلے ہی) |
| فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿77﴾ | تو ہماری طرف ہی وہ لوٹائے جائیں گے۔﴿77﴾ |
| وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ | اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بھیجے کئی رسول آپ سے پہلے |
| مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا | ان میں سے (کچھ وہ ہیں) جن کا ہم نے حال بیان کیا |
| عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ | آپ پر اور ان میں سے (کچھ وہ ہیں) جن کا |
| لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ | ہم نے حال بیان نہیں کیا آپ پر |
| وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ | اور نہیں ہے کسی رسول کے لیے (اختیار) |
| اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ | کہ وہ لے آئے کسی نشانی کو مگر اللہ کے حکم سے |
| فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ | پھر جب آ گیا اللہ کا حکم |
| قُضِيَ بِالْحَقِّ | (تو) فیصلہ کر دیا گیا حق کے ساتھ |
| وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿78﴾ ع | اور خسارے میں رہے اس موقع پر اہل باطل۔﴿78﴾ |
| اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ | اللہ (وہ) ہے جس نے بنائے تمہارے لیے چوپائے |

ع 8 10 13

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| نَتَوَفَّيَنَّكَ | فوت، وفات، فوتیدگی۔ | اِلَّا | اِلاماشاءاللہ، اِلاقلیل، اِلا یہ کہ۔ |
| فَاِلَيْنَا | مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ | بِاِذْنِ | اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔ |
| يُرْجَعُوْنَ | رجوع، راجع، رجعت پسندی۔ | اَمْرُ | امر، آمر، مامور، امور، امر بالمعروف۔ |
| وَ | مال و دولت، عفو و درگزر، شان و شوکت۔ | بِالْحَقِّ | حق و باطل، حقیقت، حق گوئی۔ |
| اَرْسَلْنَا | رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ | قُضِيَ | قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔ |
| قَبْلِكَ | قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔ | خَسِرَ | خسارہ، خائب و خاسر۔ |
| قَصَصْنَا | قصہ، قصہ گوئی، قصص القرآن۔ | الْمُبْطِلُوْنَ | حق و باطل، ادیان باطلہ، زعم باطل۔ |
| عَلَيْكَ | علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | الْاَنْعَامَ | عوام کالانعام (چوپائے)۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَوْ | نَتَوَفَّيَنَّكَ ① | فَاِلَيْنَا | يُرْجَعُوْنَ ② (77) |
| يا | ہم ضرور فوت کردیں آپکو (اس سے پہلے ہی) | تو ہماری طرف (ہی) | وہ سب لوٹائے جائیں گے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَقَدْ ① | اَرْسَلْنَا | رُسُلًا | مِّنْ قَبْلِكَ | مِنْهُمْ |
| اور | بلاشبہ یقیناً | ہم نے بھیجے | کئی رسول | آپ سے پہلے | ان میں سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَّنْ قَصَصْنَا | عَلَيْكَ | وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ |
| (کچھ وہ ہیں) جن کا ہم نے حال بیان کیا | آپ پر | اور | ان میں سے (کچھ وہ ہیں) | جن کا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَّمْ نَقْصُصْ ③ | عَلَيْكَ ط | وَ | مَا كَانَ ④ | لِرَسُوْلٍ ⑤ |
| ہم نے حال بیان نہیں کیا | آپ پر | اور | نہیں ہے | کسی رسول کے لیے (اختیار) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ يَّاْتِيَ ⑥ | بِاٰيَةٍ ⑦⑤ | اِلَّا | بِاِذْنِ اللّٰهِ ج ⑦ | فَاِذَا | جَآءَ |
| کہ وہ لے آئے | کسی نشانی کو | مگر | اللہ کے حکم سے | پھر جب | آ گیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَمْرُ اللّٰهِ | قُضِيَ ⑧ | بِالْحَقِّ | وَخَسِرَ | هُنَالِكَ |
| اللہ کا حکم | (تو) فیصلہ کر دیا گیا | حق کے ساتھ | اور خسارے میں رہے | اس موقع پر |

ع 8 10 13

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمُبْطِلُوْنَ (78) ع | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الْاَنْعَامَ |
| سب اہل باطل | اللہ (وہ ہے) | جس نے | بنائے | تمہارے لیے | چوپائے |

**ضروری وضاحت**

①نَّ، لَ اور قَدْ یہ تینوں تاکید کی علامتیں ہیں۔②فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔③لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ ماضی میں کیا جاتا ہے۔④ کَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہے کبھی ہوا وغیرہ ہوتا ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ یَاْتِیَ کا اصل ترجمہ وہ آئے ہے اگر اسکے بعد بِ ہو تو ترجمہ لے کر آئے کیا جاتا ہے۔⑦ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔⑧ فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا | تاکہ تم سواری کرو ان میں سے (بعض پر) |
| وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿79﴾ | اور ان میں سے (بعض کو) تم کھاتے ہو۔ ﴿79﴾ |
| وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ | اور تمہارے لیے ان میں بہت فوائد ہیں |
| وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً | اور تاکہ تم پہنچو ان پر (سوار ہو کر اپنی) حاجت کو |
| فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَ عَلَيْهَا | (جو) تمہارے سینوں میں ہے اور ان پر |
| وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿80﴾ | اور کشتیوں پر تم سوار کیے جاتے ہو۔ ﴿80﴾ |
| وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ | اور وہ (اللہ) دکھاتا ہے تمہیں اپنی نشانیاں |
| فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ﴿81﴾ | پھر کون کون سی اللہ کی نشانیوں کا تم انکار کرو گے۔ ﴿81﴾ |
| اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ | پھر بھلا کیا وہ نہیں چلے پھرے زمین میں |
| فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ | کہ وہ دیکھتے کیا انجام ہوا |
| الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ | (ان لوگوں کا) جو ان سے پہلے ہوئے |
| كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ | وہ زیادہ تھے (تعداد میں) ان سے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| تَاْكُلُوْنَ | : اکل و شرب، ماکولات و مشروبات۔ | يَسِيْرُوْا | : سیر، سیر و تفریح، سیر و سیاحت۔ |
| مَنَافِعُ | : نفع، منافع، منفعت، نفع و نقصان۔ | فِيْ | : فی الحال، فی الحقیقت، فی الواقع۔ |
| لِتَبْلُغُوْا | : بالغ، بلوغ، بلوغت، ابلاغ، مبلغ۔ | الْاَرْضِ | ارض و سما، اراضی، قطعہ اراضی۔ |
| حَاجَةً | : حاجت، حاجات۔ | فَيَنْظُرُوْا | : نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔ |
| صُدُوْرِ | : صدری علم، شرح صدر، ضیق الصدر۔ | كَيْفَ | : کیفیت، بہر کیف، کوائف۔ |
| تُحْمَلُوْنَ | : حمل، حامل، محمول، حاملہ عورت۔ | عَاقِبَةُ | : عالم عقبیٰ، عاقبت نا اندیش۔ |
| يُرِيْكُمْ | : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔ | قَبْلِهِمْ | : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔ |
| تُنْكِرُوْنَ | : منکر، انکار، انکاری ہونا۔ | اَكْثَرَ | : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لِتَرْكَبُوْا | مِنْهَا① | وَ | مِنْهَا① |
| تا کہ تم سب سواری کرو | ان میں سے (بعض پر) | اور | ان میں سے (بعض کو) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تَاْكُلُوْنَ ﴿79﴾ ز | وَ | لَكُمْ② | فِيْهَا① | مَنَافِعُ |
| تم سب کھاتے ہو | اور | تمہارے لیے | ان میں | بہت فوائد (ہیں) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | لِتَبْلُغُوْا | عَلَيْهَا① | حَاجَةً③ | فِيْ صُدُوْرِكُمْ |
| اور | تا کہ تم سب پہنچو | اُن پر (سوار ہو کر) | (اپنی) حاجت (کو) | (جو) تمہارے سینوں میں (ہے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | عَلَيْهَا① | وَ | عَلَى الْفُلْكِ | تُحْمَلُوْنَ④ ﴿80﴾ ط |
| اور | ان پر | اور | کشتیوں پر | تم سب سوار کیے جاتے ہو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | يُرِيْكُمْ⑤ | اٰيٰتِهٖ صلے | فَاَيَّ | اٰيٰتِ اللّٰهِ③ |
| اور | وہ (اللہ) دکھاتا ہے تمہیں | اپنی نشانیاں | پھر (کون) کون سی | اللہ کی نشانیوں کا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تُنْكِرُوْنَ ﴿81﴾ | اَفَلَمْ⑥⑦ | يَسِيْرُوْا | فِي الْاَرْضِ | فَيَنْظُرُوْا⑦ |
| تم سب انکار کرو گے | پھر (بھلا) کیا نہیں | وہ سب چلے پھرے | زمین میں | کہ وہ سب دیکھتے |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الَّذِيْنَ⑧ | مِنْ قَبْلِهِمْ ط | كَانُوْٓا | اَكْثَرَ | مِنْهُمْ |
| کیا | ہوا | انجام | (انکا) جو | ان سے پہلے | وہ سب تھے | زیادہ | ان سے |

### ضروری وضاحت

① ھا واحد مؤنث کی علامت ہے کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہو جاتی ہے۔② لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہوا ہے۔③ ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ علامت تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔⑥ اَ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ فَ کا ترجمہ پس، تو، پھر اور کبھی کہ ہوتا ہے۔⑧ اَلَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاَشَدَّ قُوَّةً | اور زیادہ سخت (تھے) قوت میں |
| وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ | اور زمین میں یادگاروں کے اعتبار سے |
| فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ | پھر نہ کام آیا ان کے |
| مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿82﴾ | جو وہ کماتے تھے۔ ﴿82﴾ |
| فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ | پھر جب آئے ان کے پاس ان کے رسول |
| بِالْبَيِّنٰتِ | واضح دلائل کے ساتھ |
| فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ | (تو) وہ اترائے (اس) پر جو ان کے پاس علم تھا |
| وَحَاقَ بِهِمْ | اور گھیر لیا ان کو (اس عذاب نے) |
| مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿83﴾ | جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ ﴿83﴾ |
| فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا | پھر جب انہوں نے دیکھا ہمارا عذاب |
| قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ | (تو) انہوں نے کہا ہم ایمان لائے اُس ایک اللہ پر |
| وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا | اور ہم نے انکار کیا (ان) کا جنہیں تھے ہم |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَشَدَّ | شدید، اشد، متشدد، تشدد۔ | فَرِحُوْا | فرحت، مفرح قلب، تفریح۔ |
| اٰثَارًا | اثر، آثار۔ | عِنْدَهُمْ | عند الطلب، عند اللہ ماجور ہوں۔ |
| فِي الْاَرْضِ | فی الحال، فی الحقیقت / ارض وسما، اراضی۔ | يَسْتَهْزِءُوْنَ | استہزاء کرنا۔ |
| اَغْنٰى | غنی، مستغنی، اغنیاء۔ | رَاَوْا | رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔ |
| مَّا | ماحول، ماتحت، ماجرا، ماورائے عدالت۔ | قَالُوْٓا | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| يَكْسِبُوْنَ | کسبِ حلال، کسبی، اکتسابِ فیض۔ | اٰمَنَّا | ایمان، مومن، امن۔ |
| رُسُلُهُمْ | رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ | وَحْدَهٗ | واحد، احد، توحید، موحّد، وحدانیت۔ |
| بِالْبَيِّنٰتِ | بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | كَفَرْنَا | کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَشَدَّ ① | قُوَّةً ② | وَّ | اٰثَارًا | فِي الْاَرْضِ |
| اور | زیادہ سخت (تھے) | قوت (میں) | اور | یادگاروں (کے اعتبار سے) | زمین میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَمَآ ③ | اَغْنٰى | عَنْهُمْ | مَّا ③ | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ ﴿82﴾ |
| پھر نہ | کام آیا | اُن کے | جو | تھے وہ سب | وہ سب کماتے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَلَمَّا | جَآءَتْهُمْ ②④ | رُسُلُهُمْ ④ | بِالْبَيِّنٰتِ ②⑤ |
| پھر جب | آئے ان کے پاس | ان کے رسول | واضح دلائل کے ساتھ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَرِحُوْا | بِمَا ⑤ | عِنْدَهُمْ ④ | مِّنَ الْعِلْمِ | وَ |
| (تو) وہ سب اترائے | (اس) پر جو | ان کے پاس تھا | علم سے | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حَاقَ | بِهِمْ | مَّا ③ | كَانُوْا | بِهٖ ⑤ | يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿83﴾ |
| گھیر لیا | ان کو | (اس عذاب نے) جو (کہ) | وہ سب تھے | اسکے ساتھ | وہ سب مذاق اڑاتے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّا | رَاَوْا | بَاْسَنَا ⑥ | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا |
| پھر جب | انہوں نے دیکھا | ہمارا عذاب | (تو) انہوں نے کہا | ہم ایمان لائے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ ⑤ | وَحْدَهٗ ⑦ | وَ | كَفَرْنَا | بِمَا | كُنَّا |
| اللہ پر | اسی کی یکتائی (ہے) | اور | ہم نے انکار کیا | (ان) کا جنہیں | ہم تھے |

## ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔②اسم کے آخر میں ۃ اور ات اور فعل کے آخر میں تْ ،مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کیا، کس اور کبھی نہیں کیا جاتا ہے۔④ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔⑤ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر وغیرہ بھی کیا جاتا ہے۔ ⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس کا مفعول ہوتا ہے۔⑦ ہٗ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿84﴾ | اسکے ساتھ شریک ٹھہرانے والے۔ ﴿84﴾ |
| فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ | پھر نہ تھا (کہ) نفع دیتا اُنہیں ان کا ایمان لانا |
| لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ | جب انہوں نے دیکھ لیا ہمارا عذاب |
| سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ | (یہ) اللہ کا طریقہ ہے جو یقیناً گزر چکا ہے |
| فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ | اس کے بندوں میں، اور خسارے میں رہے |
| هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿85﴾ ع | اس موقع پر کافر لوگ۔ ﴿85﴾ |

ع 7 14

## اٰیاتُھا 54 — 41 سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ مَكِّيَّةٌ 61 — رُکُوعَاتُھا 06

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| حٰمٓ ﴿1﴾ تَنْزِيْلٌ | حٰمٓ ﴿1﴾ (یہ) اُتاری ہوئی ہے |
| مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿2﴾ | بے حد رحم والے نہایت مہربان کی طرف سے۔ ﴿2﴾ |
| كِتٰبٌ | یہ ایسی کتاب ہے |
| فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ | (کہ) کھول کر بیان کی گئی ہیں اس کی آیات |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| مُشْرِكِيْنَ | : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔ | الْكٰفِرُوْنَ | : کفر، کافر، کفار، کفارمکہ۔ |
| يَنْفَعُهُمْ | : نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔ | تَنْزِيْلٌ | : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ |
| اِيْمَانُهُمْ | : ایمان، مومن، امن۔ | مِّنَ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ |
| رَاَوْا | : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی وغیر مرئی اشیاء۔ | الرَّحْمٰنِ | : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔ |
| سُنَّتَ | : کتاب وسنت، اتباعِ سنت، سنت مؤکدہ۔ | الرَّحِيْمِ | : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن، مرحوم۔ |
| عِبَادِهٖ | : عبد، عابد، معبود، عبادت۔ | كِتٰبٌ | : کتاب، کُتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔ |
| وَ | : مال ودولت، عفو ودرگزر، شان وشوکت۔ | فُصِّلَتْ | : تفصیل، مفصل۔ |
| خَسِرَ | : خسارہ، خائب وخاسر۔ | اٰيٰتُهٗ | : آیت، آیات، قرآنی آیات۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | مُشۡرِكِيۡنَ (1) ﴿84﴾ | فَلَمۡ | يَكُ (2) | يَنۡفَعُهُمۡ (3) |
| اس کے ساتھ | سب شریک ٹھہرانے والے | پھر نہ | تھا | (کہ) نفع دیتا اُنہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِيۡمَانُهُمۡ (3) | لَمَّا | رَاَوۡا | بَاۡسَنَا ؕ | سُنَّتَ اللّٰهِ (4) |
| ان کا ایمان لانا | جب | انہوں نے دیکھ لیا | ہمارا عذاب | (یہ) اللہ کا طریقہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الَّتِىۡ (5) | قَدۡ | خَلَتۡ (6) | فِىۡ عِبَادِهٖ ۚ |
| جو | یقیناً | گزر چکا ہے | اس کے بندوں میں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | خَسِرَ | هُنَالِكَ | الۡكٰفِرُوۡنَ ﴿85﴾ ع |
| اور | خسارے میں رہے | اس موقع پر | سب کافر لوگ |

ع 7/14

آیاتھا 54 | 41 سُوۡرَةُ حٰمٓ السَّجۡدَة مَكِّيَّةٌ 61 | رکوعاتھا 06

## بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

| | | |
|---|---|---|
| حٰمٓ ﴿1﴾ ۚ | تَنۡزِيۡلٌ | مِّنَ الرَّحۡمٰنِ |
| حٰمٓ | یہ (کتاب قرآن) اُتاری ہوئی ہے | بے حد رحم والے (کی طرف) سے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الرَّحِيۡمِ ﴿2﴾ ۚ | كِتٰبٌ | فُصِّلَتۡ (6) | اٰيٰتُهٗ |
| (جو) نہایت مہربان (ہے) | (یہ ایسی) کتاب (ہے) | (کہ) کہ بیان کی گئی (ہیں) | اُس کی آیات |

**ضروری وضاحت**

①اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔②یَكُ دراصل یَكُنۡ تھا تخفیف کے لیے آخر سے نۡ گرایا گیا ہے، یہاں علامت یَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③هُمۡ کا فعل کے آخر میں ترجمہ اُنہیں یا انکو اور اسم کے آخر میں ترجمہ انکا، انکی، انکے کیا جاتا ہے کیا جاتا ہے۔④سُنَّتَ کی ت دراصل ة ہے قرآنی کتابت میں اس کو کبھی ت لکھا جاتا ہے۔⑤الَّتِىۡ واحد مؤنث کی علامت ہے جسکا ترجمہ جو یا جس کیا جاتا ہے۔⑥تۡ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے۔

| | |
|---|---|
| قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا | اس حال میں کہ قرآن عربی زبان میں ہے |
| لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝3 | ان لوگوں کے لیے (جو) جانتے ہیں۔ ۝3 |
| بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا ۚ | خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا |
| فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ | پھر بھی منہ پھیر لیا ان کی اکثریت نے |
| فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝4 | پس وہ سنتے ہی نہیں۔ ۝4 |
| وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ | اور انہوں نے کہا ہمارے دل پردوں میں ہیں |
| مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ | اس بات سے جس کی طرف تو ہمیں بلاتا ہے |
| وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ | اور ہمارے کانوں میں بوجھ ہے |
| وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ | اور ہمارے درمیان اور تیرے درمیان |
| حِجَابٌ فَاعْمَلْ | ایک پردہ ہے پس تو (اپنا) کام کر |
| اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ۝5 | بے شک ہم (اپنا) کام کرنے والے ہیں۔ ۝5 |
| قُلْ اِنَّمَآ اَنَا | آپ کہہ دیجیے بے شک صرف میں (تو) |

الثلثة

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| قُرْاٰنًا | : قرآن، قراءت۔ |
| عَرَبِيًّا | : عربی زبان، اہل عرب۔ |
| يَّعْلَمُوْنَ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔ |
| بَشِيْرًا | : بشارت، مبشر، بشیر۔ |
| نَذِيْرًا | : بشارت و انذار، نذیر۔ |
| فَاَعْرَضَ | : اعراض کرنا۔ |
| اَكْثَرُهُمْ | : اکثر، کثیر، کثرت، اکثریت۔ |
| يَسْمَعُوْنَ | : سمع و بصر، آلہ سماعت، محفل سماع، سامع۔ |
| قَالُوْا | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| قُلُوْبُنَا | : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب و اذہان۔ |
| مِّمَّا | : منجانب، من وعن / ماحول، ماتحت، ماجرا۔ |
| تَدْعُوْنَآ | : دعا، داعی، مدعی، مدعو، دعوت۔ |
| اِلَيْهِ | : مکتوب الیہ، مرسل الیہ، رجوع الی اللہ۔ |
| بَيْنِنَا | : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ |
| حِجَابٌ | : حجاب۔ |
| فَاعْمَلْ، عٰمِلُوْنَ | : عمل، عامل، معمول، تعمیل۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| قُرْاٰنًا | عَرَبِيًّا | لِّقَوْمٍ ① | يَّعْلَمُوْنَ ③ لا |
| (اس حال میں کہ) قرآن | عربی (زبان میں ہے) | (ان) لوگوں کے لیے | (جو) وہ سب جانتے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بَشِيْرًا ② | وَّ | نَذِيْرًا ② ج | فَاَعْرَضَ | اَكْثَرُهُمْ |
| خوشخبری دینے والا | اور | ڈرانے والا | پھر منہ پھیر لیا | انکے اکثر نے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَهُمْ | لَا يَسْمَعُوْنَ ③ ④ | وَ | قَالُوْا | قُلُوْبُنَا ④ |
| پس وہ | وہ سب نہیں سنتے | اور | انہوں نے کہا | ہمارے دل |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِيْٓ اَكِنَّةٍ ⑤ | مِّمَّا | تَدْعُوْنَآ ④ | اِلَيْهِ |
| پردوں میں (ہیں) | (اس بات) سے جو | تو ہمیں بلاتا ہے | اُس کی طرف |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | فِيْٓ اٰذَانِنَا ④ | وَقْرٌ ⑥ | وَّ | مِنْۢ بَيْنِنَا ⑦ |
| اور | ہمارے کانوں میں | ایک بوجھ (ہے) | اور | ہمارے درمیان |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | بَيْنِكَ | حِجَابٌ ⑥ | فَاعْمَلْ | اِنَّنَا |
| اور | تیرے درمیان | ایک پردہ (ہے) | پس تو (اپنا) کام کر | بے شک ہم |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عٰمِلُوْنَ ⑤ | قُلْ | اِنَّمَآ ⑧ | اَنَا |
| سب (اپنا) کام کرنے والے (ہیں) | آپ کہہ دیجیے | بیشک صرف | میں (تو) |

**ضروری وضاحت**

①اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔②فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔④ نَا کا اسم کے آخر میں ترجمہ ہمارا یا اپنا اور فعل کے آخر میں ترجمہ ہمیں کیا جاتا ہے۔⑤ یہاں ةٍ جمع کے لیے ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔⑦ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ اِنَّ کیساتھ مَا میں صرف یا بس کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ | ایک انسان ہوں تمہاری مثل |
| يُوۡحٰٓى اِلَىَّ | وحی کی جاتی ہے میری طرف |
| اَنَّمَآ اِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ | کہ بلاشبہ صرف تمہارا معبود ایک معبود ہے |
| فَاسۡتَقِيۡمُوۡۤا اِلَيۡهِ | تو تم سیدھے (متوجہ) رہو اسی کی طرف |
| وَاسۡتَغۡفِرُوۡهُ ؕ | اور اسی سے مغفرت مانگو |
| وَوَيۡلٌ لِّلۡمُشۡرِكِيۡنَ ۙ﴿٦﴾ | اور ہلاکت ہے مشرکین کے لیے۔ ﴿٦﴾ |
| الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡتُوۡنَ الزَّكٰوةَ | جو زکاۃ نہیں دیتے |
| وَهُمۡ بِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ كٰفِرُوۡنَ ۙ﴿٧﴾ | اور وہ آخرت کا انکار کرنے والے ہیں۔ ﴿٧﴾ |
| اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا | بے شک (وہ لوگ) جو ایمان لائے |
| وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ | اور انہوں نے نیک اعمال کیے |
| لَهُمۡ اَجۡرٌ غَيۡرُ مَمۡنُوۡنٍ ﴿٨﴾ ع 8/15 | ان کے لیے نہ ختم کیا جانے والا اجر ہے۔ ﴿٨﴾ |
| قُلۡ اَئِنَّكُمۡ لَتَكۡفُرُوۡنَ | آپ کہہ دیجیے کیا بیشک تم واقعی انکار کرتے ہو |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

قُلۡ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
بَشَرٌ : بشر، بشری تقاضا، خیر البشر۔
مِّثۡلُكُمۡ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
يُوۡحٰٓى : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
اِلٰهُكُمۡ : الٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔
فَاسۡتَقِيۡمُوۡۤا : استقامت، مستقیم۔
اسۡتَغۡفِرُوۡهُ : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔
لِلۡمُشۡرِكِيۡنَ : شرک، شریک، مشرک، شراکت۔

بِالۡاٰخِرَةِ : فکر آخرت، اُخروی زندگی۔
كٰفِرُوۡنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
اٰمَنُوۡا : ایمان، مومن، امن۔
عَمِلُوا : عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔
الصّٰلِحٰتِ : صلح، اعمال صالحہ۔
غَيۡرُ : دیار غیر، غیر اللہ، اغیار۔
لَتَكۡفُرُوۡنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
خَلَقَ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بَشَرٌ ① | مِّثْلُكُمْ ② | يُوْحٰٓى ③④ | اِلَيَّ |
| ایک انسان (ہوں) | تمہاری مثل | وحی کی جاتی ہے | میری طرف |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَنَّمَآ ⑤ | اِلٰهُكُمْ ② | اِلٰهٌ وَّاحِدٌ | فَاسْتَقِيْمُوْٓا |
| کہ بلاشبہ صرف | تمہارا معبود | ایک معبود (ہے) | تو تم سب سیدھے (متوجہ) رہو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِلَيْهِ | وَ | اسْتَغْفِرُوْهُ ط ⑥ | وَ | وَيْلٌ |
| اسی کی طرف | اور | تم سب مغفرت مانگو اسی سے | اور | ہلاکت (ہے) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۙ﴿6﴾ | الَّذِيْنَ | لَا يُؤْتُوْنَ ⑦ | الزَّكٰوةَ ⑧ |
| سب مشرکین کے لیے | جو | نہیں وہ سب دیتے | زکاۃ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | هُمْ | بِالْاٰخِرَةِ | هُمْ | كٰفِرُوْنَ ۙ﴿7﴾ |
| اور | وہ سب | آخرت کا | وہ سب | سب انکار کرنے والے (ہیں) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ |
| بے شک | (وہ لوگ) جو | سب ایمان لائے | اور | انہوں نے اعمال کیے | نیک |

ع 1 8 15

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | اَجْرٌ | غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ع ﴿8﴾ | قُلْ | اَئِنَّكُمْ | لَتَكْفُرُوْنَ |
| ان کے لیے | اجر (ہے) | نہ ختم کیا جانے والا | کہہ دیجیے | کیا بیشک تم | واقعی تم سب انکار کرتے ہو |

## ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔② كُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھار یا اپنا کیا جاتا ہے۔③ یہاں ی کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ ی پر پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اِنَّ یا اَنَّ کیساتھ مَا میں صرف یا بس کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ فعل کے شروع میں اِسْتَ میں طلب کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑧ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ | اس کا جس نے پیدا کیا زمین کو دو دنوں میں |
| وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ | اور تم اس کے لیے شریک بناتے ہو |
| ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۚ﴿9﴾ | وہی سب جہانوں کا رب ہے۔﴿9﴾ |
| وَجَعَلَ فِيْهَا | اور اس نے بنائے اس میں |
| رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا | مضبوط پہاڑ اس کے اوپر |
| وَبٰرَكَ فِيْهَا | اور اس نے برکت رکھی اس میں |
| وَقَدَّرَ فِيْهَآ | اور اس نے اندازے سے رکھا اس میں |
| اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ؕ | اس کی غذاؤں کو چار دنوں میں (یہ سب کچھ کیا) |
| سَوَآءً | برابر (یعنی پورا) ہے |
| لِّلسَّآئِلِيْنَ ﴿10﴾ | پوچھنے والوں کے لیے (یہ جواب)۔﴿10﴾ |
| ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ | پھر وہ متوجہ ہوا آسمان کی طرف |
| وَهِيَ دُخَانٌ | اور وہ ایک دھواں (سا تھا) |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْاَرْضَ | ارض و سماء، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔ | بٰرَكَ | برکت، برکات، مبارک، تبرک۔ |
| يَوْمَيْنِ | یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔ | قَدَّرَ | تقدیر، مقدّر، مقدار۔ |
| وَ | مال و دولت، عفو و درگزر، قول و اقرار۔ | اَرْبَعَةِ | ربع، رباعی، آئمہ اربعہ۔ |
| رَبُّ | ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔ | اَيَّامٍ | یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔ |
| الْعٰلَمِيْنَ | عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔ | سَوَآءً | مساوی، مساوات، خط استواء۔ |
| فِيْهَا | فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔ | لِّلسَّآئِلِيْنَ | سوال، سائل، مسئول، سوالات۔ |
| مِنْ | منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | اسْتَوٰٓى | مستوی، استواء۔ |
| فَوْقِهَا | فوقیت، مافوق الفطرت، فائق۔ | السَّمَآءِ | ارض و سماء، کتب سماویہ، سماوی آفات۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بِالَّذِیْ ①② | خَلَقَ | الْاَرْضَ ③ | فِیْ یَوْمَیْنِ |
| (اس) کا جس نے | پیدا کیا | زمین (کو) | دو دنوں میں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | تَجْعَلُوْنَ | لَهٗۤ ④ | اَنْدَادًا ؕ |
| اور | تم سب بناتے ہو | اس کے لیے | شریک |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ ⑤ | رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۚ﴿9﴾ | وَ | جَعَلَ | فِیْهَا ⑥ |
| وہ | سب جہانوں کا رب (ہے) | اور | اس نے بنائے | اس میں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَوَاسِیَ | مِنْ فَوْقِهَا ⑥ | وَ | بٰرَكَ |
| مضبوط پہاڑ | اس کے اوپر سے | اور | اس نے برکت رکھی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِیْهَا ⑥ | وَ | قَدَّرَ | فِیْهَاۤ ⑥ | اَقْوَاتَهَا ⑥ |
| اس میں | اور | اس نے اندازے سے رکھا | اس میں | اس کی غذاؤں کو |

| | | |
|---|---|---|
| فِیْۤ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ ؕ ⑦ | سَوَآءً | لِّلسَّآىِٕلِیْنَ ﴿10﴾ |
| چار دنوں میں | (یہ سب کچھ کیا) برابر (یعنی پورا) ہے | پوچھنے والوں کے لیے (یہ جواب) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | اسْتَوٰۤی | اِلَی السَّمَآءِ | وَ | هِیَ | دُخَانٌ ⑧ |
| پھر | وہ متوجہ ہوا | آسمان کی طرف | اور | وہ | ایک دھواں (ساتھا) |

ضروری وضاحت

①بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔② الَّذِیْ واحد مذکر کی علامت ہے۔③فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسکا مفعول ہوتا ہے۔④ لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو جاتا ہے۔⑤ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے اور یہ عموماً بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔⑥ یہاں هَا واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑦ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑧ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ | تو اس نے کہا اس سے اور زمین سے |
| ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ | تم دونوں آؤ خوشی سے یا ناخوشی |
| قَالَتَاۤ اَتَيْنَا | دونوں نے کہا ہم آگئے |
| طَآئِعِيْنَ ﴿11﴾ | خوشی سے (یعنی بہ رضا و رغبت)۔ ﴿11﴾ |
| فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ | پس اس نے بنا دیا انہیں سات آسمان |
| فِيْ يَوْمَيْنِ وَ اَوْحٰى | دو دنوں میں اور اس نے القاء کیا (حکم بھیجا) |
| فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ؕ | ہر آسمان میں اس کے کام کا |
| وَ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا | اور ہم نے مزین کر دیا دنیاوی آسمان کو |
| بِمَصَابِيْحَ ۖۗ وَ حِفْظًا ؕ | چراغوں سے اور محفوظ رکھا (شیطانوں سے) |
| ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ | یہ اندازہ (تدبیر) ہے |
| الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿12﴾ | بہت غالب خوب علم رکھنے والے کی۔ |
| فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ | پھر اگر وہ منہ موڑ لیں تو آپ کہہ دیجیے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فَقَالَ، فَقُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
طَوْعًا، طَآئِعِيْنَ : اطاعت، مطیع و فرمانبردار۔
كَرْهًا : کراہت، مکروہ، مکروہات۔
قَالَتَاۤ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
فَقَضٰىهُنَّ : قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔
سَبْعَ : کتب سبعہ، اُسبوعی اجلاس۔
سَمٰوَاتٍ : ارض و سماء، کتب سماویہ، سماوی آفات۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
يَوْمَيْنِ : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔
اَوْحٰى : وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔
زَيَّنَّا : مزین، تزئین و آرائش۔
بِمَصَابِيْحَ : صبح، مصباح۔
حِفْظًا : حفاظت، محافظ، حفظ ماتقدم، محفوظ۔
تَقْدِيْرُ : تقدیر، مقدر، مقدار۔
الْعَلِيْمِ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات، علّامہ۔
اَعْرَضُوْا : اعراض کرنا۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَقَالَ | لَهَا | وَ | لِلْاَرْضِ ① | ائْتِيَا ② |
| تو اس نے کہا | اس سے | اور | زمین سے | تم دونوں آؤ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| طَوْعًا | اَوْ | كَرْهًا ؕ | قَالَتَآ ② | اَتَيْنَا |
| خوشی (سے) | یا | ناخوشی | اُن دونوں نے کہا | ہم آگئے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| طَآئِعِيْنَ ⑪ | فَقَضٰهُنَّ ③ | سَبْعَ | سَمٰوَاتٍ ④ |
| سب خوشی سے (یعنی بہ رضا و رغبت) | پس اس نے بنا دیا انہیں | سات | آسمان |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِيْ يَوْمَيْنِ ② | وَ | اَوْحٰى | فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ |
| دو دنوں میں | اور | اس نے القاء کیا (یعنی حکم بھیجا) | ہر آسمان میں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَمْرَهَا ⑤ ؕ | وَ | زَيَّنَّا | السَّمَآءَ الدُّنْيَا |
| اس کے کام (کا) | اور | ہم نے مزین کر دیا | دنیاوی آسمان (کو) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِمَصَابِيْحَ ۖۗ | وَ | حِفْظًا ؕ | ذٰلِكَ ⑥ | تَقْدِيْرُ |
| چراغوں سے | اور | محفوظ رکھا (شیطانوں سے) | یہ | اندازہ (تدبیر) ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْعَزِيْزِ ⑦ | الْعَلِيْمِ ⑦ ⑫ | فَاِنْ | اَعْرَضُوْا | فَقُلْ |
| بہت غالب | خوب علم رکھنے والے (کا) | پھر اگر | وہ سب منہ موڑ لیں | تو آپ کہہ دیجیے |

## ضروری وضاحت

①اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی سے کیا جاتا ہے۔ ②لفظ کے آخر میں ا اور يْنِ میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔ ③هُنَّ جمع مونث کی علامت ہے فعل کے بعد اسکا ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔ ④ات جمع مونث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤هَا واحد مونث کی علامت ہے اسم کے آخر میں اسکا ترجمہ اسکا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ⑥ذٰلِكَ اشارہ بعید ہے اسکا اصل ترجمہ وہ ہوتا ہے اور کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ⑦اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَنۡذَرۡتُكُمۡ صٰعِقَةً | میں نے ڈرا دیا ہے تمہیں (اس) کڑک سے |
| مِّثۡلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّ ثَمُوۡدَ ﴿13﴾ | (جو) عاد و ثمود کی کڑک جیسی ہوگی ۔ ﴿13﴾ |
| اِذۡ جَآءَتۡهُمُ الرُّسُلُ | جب آئے ان کے پاس رسول |
| مِنۡۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ | ان کے سامنے سے |
| وَ مِنۡ خَلۡفِهِمۡ | اور ان کے پیچھے سے |
| اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّا اللّٰهَ ؕ | کہ نہ عبادت کرو اللہ کے سوا (کسی کی) |
| قَالُوۡا لَوۡ شَآءَ رَبُّنَا | انہوں نے کہا اگر ہمارا رب چاہتا |
| لَاَنۡزَلَ مَلٰٓئِكَةً | (تو) ضرور نازل کر دیتا فرشتوں کو |
| فَاِنَّا بِمَاۤ | تو بے شک ہم اس کا کہ |
| اُرۡسِلۡتُمۡ بِهٖ | جس کے ساتھ (یعنی جو دے کر) تم بھیجے گئے ہو |
| كٰفِرُوۡنَ ﴿14﴾ | انکار کرنے والے ہیں ۔ ﴿14﴾ |
| فَاَمَّا عَادٌ فَاسۡتَكۡبَرُوۡا | پھر رہے عاد تو انہوں نے تکبر کیا |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَنۡذَرۡتُكُمۡ | بشارت و انذار، نذیر۔ | قَالُوۡا | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| مِّثۡلَ | مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔ | شَآءَ | ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔ |
| الرُّسُلُ | رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ | رَبُّنَا | ربّ، ربِّ کائنات، توحید ربوبیت، مربی۔ |
| بَيۡنِ | بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | لَاَنۡزَلَ | نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ |
| اَيۡدِيۡهِمۡ | ید بیضاء، ید طولیٰ، رفع الیدین۔ | مَلٰٓئِكَةً | ملک الموت، ملائکہ۔ |
| خَلۡفِهِمۡ | خلیفہ، خلافت، خلف، ناخلف۔ | اُرۡسِلۡتُمۡ | رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ |
| تَعۡبُدُوۡۤا | عبد، عابد، معبود، عبادت۔ | كٰفِرُوۡنَ | کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ |
| اِلَّا | اِلا ماشاءاللہ، اِلا قلیل، اِلا یہ کہ۔ | فَاسۡتَكۡبَرُوۡا | کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔ |

| | | |
|---|---|---|
| اَنۡذَرۡتُكُمۡ ① | صٰعِقَةً ② | مِّثۡلَ صٰعِقَةِ ② |
| میں نے ڈرا دیا ہے تمہیں | (اس) کڑک (سے) | (جو) کڑک جیسی (ہوگی) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَادٍ | وَّ | ثَمُوۡدَ ﴿13﴾ | اِذۡ | جَآءَتۡهُمُ ②③ |
| عاد (کی) | اور | ثمود (کی) | جب | آئے ان کے پاس |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الرُّسُلُ | مِنۡۢ بَيۡنِ اَيۡدِيۡهِمۡ ③ | وَ | مِنۡ خَلۡفِهِمۡ ③ |
| رسول | ان کے ہاتھوں کے درمیان سے (یعنی انکے سامنے سے) | اور | ان کے پیچھے سے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلَّا ④ | تَعۡبُدُوۡۤا | اِلَّا اللّٰهَ ؕ | قَالُوۡا |
| کہ نہ | تم سب عبادت کرو | اللہ کے سوا (کسی کی) | انہوں نے کہا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَوۡ | شَآءَ | رَبُّنَا | لَاَنۡزَلَ ⑤ | مَلٰٓئِكَةً ⑥ |
| اگر | چاہتا | ہمارا رب | (تو) ضرور نازل کردیتا | فرشتوں (کو) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَاِنَّا ⑦ | بِمَاۤ | اُرۡسِلۡتُمۡ ⑧ | بِهٖ |
| تو بے شک ہم | (اس) کا جو | تم بھیجے گئے ہو | اُس کے ساتھ (یعنی جو دے کر) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| كٰفِرُوۡنَ ﴿14﴾ | فَاَمَّا | عَادٌ | فَاسۡتَكۡبَرُوۡا |
| سب انکار کرنے والے (ہیں) | پھر رہے | عاد | تو ان سب نے تکبر کیا |

ضروری وضاحت

① کُمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔② ۃ اور تۡ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ هُمۡ یا هِمۡ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ انکا، انکی، انکے کیا جاتا ہے۔④ اَلَّا دراصل اَنۡ + لَا کا مجموعہ ہے۔⑤ علامت لَ یہاں تاکید کی علامت ہے۔⑥ مَلٰٓئِكَةً کے آخر میں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔⑦ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔⑧ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ | زمین میں ناحق |
| وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا | اور انہوں نے کہا کون زیادہ سخت ہے ہم سے |
| قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ يَرَوْا | قوت میں اور (بھلا) کیا انہوں نے نہیں دیکھا |
| اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ | کہ بے شک اللہ جس نے پیدا کیا انہیں |
| هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ | وہ زیادہ سخت ہے ان سے قوت میں |
| وَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿15﴾ | اور ہماری آیات کا وہ انکار کرتے تھے۔ ﴿15﴾ |
| فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا | تو ہم نے بھیجی ان پر سخت تند ہوا |
| فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ | منحوس (یا مسلسل) دنوں میں |
| لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ | تاکہ ہم چکھائیں انہیں رسوائی کا عذاب |
| فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ | دنیاوی زندگی میں |
| وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى | اور یقیناً آخرت کا عذاب زیادہ رسوا کرنے والا ہے |
| وَ هُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿16﴾ | اور وہ مدد نہیں کیے جائیں گے۔ ﴿16﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | : ارض وسماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔ | رِيْحًا | : ریح، ریح المسک، ریح بادی۔ |
| بِغَيْرِ | : دیارِ غیر، غیر اللہ، بغیر اجازت۔ | اَيَّامٍ | : یوم، ایام، یوم آخرت، یوم آزادی۔ |
| قَالُوْا | : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔ | نَّحِسَاتٍ | : منحوس، نحوست۔ |
| اَشَدُّ | : شدید، اشد، متشدد، تشدد۔ | لِّنُذِيْقَهُمْ | : ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔ |
| يَرَوْا | : رؤیت ہلال کمیٹی، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔ | فِي | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت، فی زمانہ۔ |
| خَلَقَهُمْ | : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔ | الْحَيٰوةِ | : حیات، احیائے سنت، حیاتِ جاوداں۔ |
| بِاٰيٰتِنَا | : آیت، آیات، قرآنی آیات۔ | الْاٰخِرَةِ | : فکرِ آخرت، اُخروی زندگی۔ |
| فَاَرْسَلْنَا | : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ | يُنْصَرُوْنَ | : نصرت، ناصر، نصیر، انصار، منصور۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فِي الْاَرْضِ | بِغَيْرِ الْحَقِّ | وَ | قَالُوْا | مَنْ | اَشَدُّ ① |
| زمین میں | ناحق | اور | انہوں نے کہا | کون | زیادہ سخت (ہے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنَّا ② | قُوَّةً ؕ | اَوَلَمْ ③ | يَرَوْا ④ | اَنَّ اللّٰهَ |
| ہم سے | قوت میں | اور (بھلا) کیا نہیں | انہوں نے دیکھا | کہ بے شک اللہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْ | خَلَقَهُمْ ⑤ | هُوَ | اَشَدُّ ① | مِنْهُمْ | قُوَّةً ؕ |
| جس نے | پیدا کیا انہیں | وہ | زیادہ سخت (ہے) | ان سے | قوت (میں) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانُوْا | بِاٰيٰتِنَا | يَجْحَدُوْنَ ⑮ | فَاَرْسَلْنَا ⑥ |
| اور | تھے وہ سب | ہماری آیات کا | وہ سب انکار کرتے | تو ہم نے بھیجی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | رِيْحًا | صَرْصَرًا | فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ ⑦ |
| ان پر | ہوا | تیز و تند | منحوس (یا مسلسل) دنوں میں |

| | | |
|---|---|---|
| لِّنُذِيْقَهُمْ ⑤ | عَذَابَ الْخِزْيِ | فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ |
| تاکہ ہم چکھائیں انہیں | رسوائی کا عذاب | دنیاوی زندگی میں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ | اَخْزٰى ① | وَ | هُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ⑧ ⑯ |
| اور | یقیناً آخرت کا عذاب | زیادہ رسوا کرنے والا (ہے) | اور | وہ سب مدد نہیں کیے جائیں گے |

ضروری وضاحت

